★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | بدھ 9 ربیع الاول 1447ھ، 3 ستمبر 2025ء، 18 بھادوں 2082 بی (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 279

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

وزیراعظم کی چینی صدر سے ملاقات

ہمہ موسمی تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ

چین کی کامیابیوں پر بہت فخر ہے، پاکستان اس عظیم سفر میں چین کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے ہمیشہ تیار رہے گا، شہباز شریف

چین اقتصادی ترقی کے تمام شعبوں میں پاکستان کی مدد جاری رکھے گا، سی پیک اپنے دوسرے مرحلے میں داخل، پاکستان کے اقتصادی شعبوں پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے، چینی صدر

بیجنگ (خبر نگار) بیجنگ کے دورے پر موجود وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور چین کے درمیان آہنی اور ہمہ موسمی تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا جبکہ چینی صدر شی جن پنگ نے کہا ہے (بقیہ نمبر 4)

نارووال: نالہ ڈیک میں طغیانی سے ہائی لیول نکلی کا کھبا گر گیا

سوڈان میں لینڈ سلائیڈنگ سے 1 ہزار افراد ہلاک

خرطوم (این این آئی) افریقی ملک سوڈان میں ملی کا تودہ گرنے سے 1 ہزار افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطرفی مطابق سوڈان کے مرا پہاڑی علاقے میں لینڈ سلائیڈنگ سے ایک گاؤں تباہ ہوگیا۔ سوڈانی فوج نے بتایا کہ مل (بقیہ نمبر 3)

سابق بھارتی جنرل کا پاکستان کے خلاف آبی دہشت گردی منصوبے کا انکشاف

بھارت اچانک پانی روک کر پھر پاکستان کی طرف چھوڑے گا، جس سے سیلاب آئیگا اور پاکستان اس پانی کو استعمال نہیں کر سکے گا، امریکی

بھارت فصلوں کے موسم میں پانی روک سکتا ہے اور بارشوں کے موسم میں جب پانی کی ضرورت نہیں ہوتی

نئی دہلی (خبر نگار) بھارتی فوج کے ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل کنول جیت سنگھ نے انکشاف کیا کہ بھارت پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر کے پاکستان کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ سماجی (بقیہ نمبر 6)

بیجنگ میں وزیراعظم شہباز شریف سے روس کے صدر والادیمیر پوٹن ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں چین پاکستان کی حمایت کرتا ہے، چینی صدر

پاکستان کے عوام چین کے ساتھ دوستی کو دل سے پسند کرتے ہیں، گفتگو

بیلٹ اینڈ روڈ، سی پیک منصوبہ صدر شی جن پنگ کی مثالی قیادت کا ثبوت ہے

بیجنگ (این این آئی) بیجنگ کے صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں چین پاکستان کی حمایت کرتا ہے۔ چینی صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان ملاقات ہوئی۔ سے ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار فیلڈ مارشل عاصم منیر اور دیگر وزراء بھی مو (بقیہ نمبر 2)

سیلاب کی تباہ کاریاں 41 ہزار 24 متاثر بہاولنگر چاولوں کا 1 لاکھ ایکڑ بند ٹوٹ گیا

متعدد بستیاں پانی کی لپیٹ میں مین شاہراہ میں پانی موجود ہونے سے زمینی رابطہ منقطع، سندھ سے 3 لاکھ کیوسک کا ریلا گزرنے کا امکان، تدبر اور بہتر حکمت عملی سے اس چیلنج سے نمٹنا ہے، خوفزدہ نہ ہوں، چیف سیکرٹری

آبادیوں کو محفوظ بنانے کیلئے بعض مقامات پر بندوں میں شگاف، ہیڈ (ایم) والا پر ہر قسم کی ٹریفک بند، پانی بہاولپور اور بہاولنگر کے کئی علاقوں میں داخل ہو چکا ہے، ڈی جی پی ڈی ایم اے

لاہور/ملتان (این این آئی) بھارت نے دریائے ستج میں مزید پانی چھوڑ دیا، پاکستان کو انٹرنیشن وارننگ کے بجائے غلط طریقے سے ستج میں اونچے درجے کے سیلاب کے بارے میں آگاہ کیا، جس کے بعد پنجاب کو 9 اضلاع میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا جبکہ راوی، ستج اور چناب میں 5 جبکہ اونچے درجے کے سیلاب کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ راوی، چناب اور ستج میں سیلاب سے پنجاب کے 24 لاکھ افراد اب تک متاثر ہو چکے ہیں (بقیہ نمبر 1)

سی پیک فیز ٹو پاکستان اور چین کا نئی بلندیوں کو چھوئے گا، اقبال حسن

سی پیک 2.0 پاکستان کی بندرگاہوں، قابل تجدید توانائی اور لائیو اسٹاک سیکٹر کو مضبوط بنانے کے بے پناہ مواقع فراہم کرتا ہے

بیجنگ (خبر نگار) ایس سی او اجلاس کے دوران وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے تیانجن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سی پیک 2.0 کے تحت پاکستان۔ چین تعاون کے سے مواقع پر بات چیت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سی پیک 2.0 پاکستان کی (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ آصف سے بحرین ڈیفنس فورس کے چیف آف اسٹاف کی ملاقات

اسلام آباد: اسٹیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سی ای او لاہور قلندرز رانا عاطف سے ملاقات

وزارت خزانہ کے آئی ایم ایف کرپشن جائزہ رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کر دیا

پارلیمنٹ کی اجازت کے بغیر ضمنی گرانٹس کیلئے بجٹ ایڈجسٹمنٹ پر پابندی، وزارت خزانہ بجٹ پراسس کو بہتر بنائے، آئی ایم ایف گورننس اور کرپشن کے خاتمے کیلئے فاسٹل مانیٹرنگ یونٹ، ایف بی آر میں ٹرانسفارمیشن، پولیٹیکلی ایکسپوزڈ پرسنز کی نگرانی جیسے اقدامات کئے گئے

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر خزانہ کی زیر صدارت اہم میٹنگ میں وزارت خزانہ نے آئی ایم ایف کی کرپشن اینڈ گورننس اسیسمنٹ رپورٹ پر عدم اطمینان اور اختلاف کا اظہار کر دیا ہے۔ سرکاری عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ میٹنگ میں بتایا گیا کہ گورننس اور کرپشن کے خاتمے کیلئے فاسٹل مانیٹرنگ یونٹ، ایف بی آر میں ٹرانسفارمیشن، پولیٹیکلی ایکسپوزڈ پرسنز کی نگرانی جیسے اقدامات کئے گئے، سول سروس کے اثاثے (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے کالا باغ ڈیم کی حمایت

کالا باغ ڈیم ریاست کیلئے ضروری ہے، کسی کے اعتراضات ہیں تو دور کر کے ڈیم بنایا جائے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے اسلام آباد میں پارٹی اجلاس کے بعد (بقیہ نمبر 13) وی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے کالا باغ ڈیم کی حمایت کر دی۔

خیبر پختونخوا حکومت نے سیلاب متاثرین کیلئے ایک ارب روپے جاری کر دیئے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے سیلاب متاثرین کیلئے ایک ب 8 ار (بقیہ نمبر 9)

معرکہ حق کے حوالے سے آئی ایس پی آر کا یوم دفاع وشہدا کا پروموجاری

فضائی اور بحری فوج کی قربانیاں، قوم کے حوصلے اور ایمان کی روشن علامت ہیں

راولپنڈی (این این آئی) معرکہ حق کے حوالے سے آئی ایس پی آر کا یوم دفاع وشہدا کا پروموجاری کر دیا گیا۔ افواج پاکستان کی جرات و شجاعت کو خراج تحسین پیش کیا گیا، برّی، فضائی اور بحری (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے اسلام آباد میں ڈسٹینگیشنز اور پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے درمیان LO پر دستخط کر دیے ہیں

بھارت کی پاکستان دشمنی نے اتحادی آرمینیا کو بھی دھوکہ دیدیا، ایس سی او میں منافقت بے نقاب

شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی حالیہ پیش رفت میں بھارت نے آذربائیجان کی مکمل رکنیت کو ویٹو کرتے ہوئے آرمینیا کا راستہ بھی بند کر دیا

صدر آذربائیجان الہام علیف نے چین کے شہر تیانجن میں وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کے دوران واضح کیا کہ بھارت پاکستان کی حمایت پر آذربائیجان سے انتقام لینے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے پاکستان کو بھارت پر سفارتی برتری حاصل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہم بھائی ہیں، اور بھارت کی مخالفت میں پاکستان سے دو قدم کر سکتی۔ غیر سرکاری سفارتی ٹرٹ کے (بقیہ نمبر 16)

بیجنگ (خبر نگار) عالمی سطح پر پاکستان کے خلاف سازشیں رچانے والی مودی سرکار اس بار نہ صرف خود بے نقاب ہوئی بلکہ اپنی پاکستان دشمنی میں اپنے قریبی اتحادی آرمینیا کو بھی عالمی سطح پر شرمندگی سے دوچار کر دیا۔ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی حالیہ پیش رفت میں بھارت نے آذربائیجان کی مکمل رکنیت کو ویٹو کرتے ہوئے آرمینیا کا راستہ بھی بند کر دیا، حالانکہ غیر بنری اتفاق رائے یہ تھا کہ دونوں ممالک کو بیک وقت

غزہ میں قحط انسان کا بنایا ہوا ہے، برطانوی وزیر خارجہ

غزہ کی صورتحال بہتر بنانے کا واحد حل فوری اور بلا مشروط جنگ بندی ہے، خطاب

لندن (این این آئی) برطانیہ نے غزہ میں قحط کو انسان کا بنایا ہوا قحط قرار دے دیا، غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ بھی کر دیا۔ برطانوی پارلیمنٹ سے خطاب میں برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے خیف عباسی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بینک آف آزاد جموں وکشمیر پنشن لینے والے بزرگ پنشنرز دو سے دن بھی خالی ہاتھ واپس

مظفر آباد (این این آئی) بینک آف آزاد جموں و کشمیر پنشن لینے والے بزرگ پنشنرز، خواتین، معذور پنشنرز دوسرے دن بھی خالی ہاتھ واپس گئے، بے افسوس کا مقام ہے کہ ریاستی بنک میں اگر (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد ہائی کورٹ میں نئے عدالتی سال کا آغاز، چیف جسٹس نے فل کورٹ میٹنگ (آج) طلب کر لی

اسلام آباد ہائی کورٹ کے تمام جج فل کورٹ میٹنگ سے آگاہ کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے (آج) بدھ کو دن 2 بجے فل کورٹ میٹنگ طلب (بقیہ نمبر 19)

بھارت ایس سی او میں آذربائیجان کے رکن بننے کی راہ میں حائل

پیلاروس بھی جولائی سن دو ہزار چوبیس میں تنظیم کا رکن بن چکا ہے؛ رپورٹ

بھارت نے ایک مرتبہ پھر آذربائیجان کو شنگھائی تعاون تنظیم کا مکمل رکن نہیں بننے

تیانجن (این این آئی) بھارت شنگھائی تعاون تنظیم میں آذربائیجان کے بطور مکمل رکن شامل ہونے کی راہ میں حائل ہو گیا۔ روسی میڈیا نے آذربائیجان کے میڈیا کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ بھارت نے ایک مرتبہ پھر آذربائیجان کو شنگھائی تعاون تنظیم کا مکمل رکن نہیں بننے دیا۔ رپورٹس کے مطا (بقیہ نمبر 30)

بہاولپور، موضع نصیر پور کے دونوں اطراف کے مقامی بند ٹوٹ گئے

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور کے علاقے حاصل پور کے قریب موضع نصیر پور کے دونوں اطراف کے مقامی بند ٹوٹ گئے۔ ریسکیو (بقیہ نمبر 20)

اگست میں مہنگائی کم، 3 فیصد پر آ گئی، سیلاب سے خوراک کی قیمتوں پر دباؤ کا خدشہ

سیلاب زدہ علاقوں میں فصلوں کو نقصان سے خوراک کی قیمتیں بڑھ سکتی ہیں، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) اگست 2025 میں مہنگائی کی شرح کم ہو کر 3 فیصد پر آ گئی، جو گزشتہ دو ماہ میں سب سے کم شرح ہے، پاکستان شماریات بیورو کے مطابق اس کی بنیادی وجہ دیہی (بقیہ نمبر 21)

سیلابی صورتحال بہتر، وزیراعلیٰ کے پی کی ڈیمز پر باخوش آئند ہے

بخاری عظمیٰ

اس وقت سب سے زیادہ دباؤ تربیلا ہیڈ ورکس پر ہے جہاں پانی کی سطح بلند ہے، تاہم دیگر تمام مقامات پر پانی نیچے کی جانب جا رہا ہے، متاثرہ علاقوں میں پھنسے ہوئے افراد کو فوری طور پر ریسکیو بھی کیا جا رہا ہے

بارشوں کا ایک اور سلسلہ کل سے شروع ہو چکا ہے، جو نہ صرف پاکستان بلکہ بھارت میں بھی جاری ہے اور یہی صورتحال دونوں جانب ایک ڈبل چیلنج کی شکل اختیار کر چکی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں سیلاب کی صورتحال صوبہ بھر میں بہتر ہے، انتظامیہ کی کارروائیوں سے حالات کنٹرول میں ہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں سیلاب کی مجموعی صورتحال قدرے بہتر ہے، تاہم دیگر تمام مقامات پر پانی کی سطح بلند ہے، پانی کی سطح کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 22)

غزہ ریویا کا منصوبہ نسل کشی کے بعد پاگل پن قرار دے دیا گیا

منصوبہ غزہ ورویرا انسانی نسل کشی کا معاملہ سامنے آنے کے بعد رد کیا گیا، امریکی میڈیا

غزہ (این این آئی) غزہ کی آبادی کو نسل کشی کے ذریعے بنانے کی جو بے غزہ ورویرا منصوبے کو پاگل پن قرار دے دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بظاہر بہت خوشنما اور جدید تصور کیا جاتا (بقیہ نمبر 24)

لاہور، غیر دو پورد و پر ٹریک جام کا منظر

برسالہ مظفر آباد میں قائم نارتھ نیگو انڈو لور زکلب کشمیر کے لیے ایک بہت بڑا اعزاز ہے، سردار جاوید ایوب

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی سیکرٹریٹ مظفر آباد میں سردار جاوید ایوب ڈیزیر واٹنگ لائف شیئرز اینڈ ڈیولپمنٹ (بقیہ نمبر 23)

مودی حکومت چوری کے بعد اب ڈیٹنتی پر آمادہ ہے، مکار جن کھڑگے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں حزب اختلاف کی مرکزی جماعت کانگریس کے صدر مکار جن کھڑگے نے ووٹ چوری پر مو (بقیہ نمبر 25)

برسنگھم کانفرنس میں سیدھی گیلانی کو شدا در اخراج عقیدت پیش

برسنگھم (این این آئی) تحریک کشمیر برطانیہ کے زیر اہتمام ہالینڈ کے سابق سینیٹر گیلانی کے یوم شہادت کے موقع پر برسنگھم میں منعقدہ کالا (بقیہ نمبر 26)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں سیلاب کے متعلق پریس کانفرنس کر رہی ہیں

مشہور انفلوئنسر شوہر اور بچوں سمیت قتل، پلاسٹک میں لپٹی لاشیں گاڑی سے برآمد

غالب امکان ہے کہ خاندان کو دو بیٹوں کو قتل کر کے لاشیں دوسری جگہ منتقل کی گئیں، پراسیکیوٹر

میکسیکو سٹی (این این آئی) مشہور میکسیکن بک ٹاک انفلوئنسر ایسمیر الفاریز گارسیا، ان کے شوہر اور 2 بچوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ پلاسٹک میں لپٹی چاروں افراد کی لاشیں گوڈالاہارا کے علاقے سان آندریس میں ایک گاڑی سے برآمد ہوئیں۔ پراسیکیوٹر الفونسو گیرنیس سنچوان نے ایک پریڈ (بقیہ نمبر 29)

پولیس نے قریبی میکینک شاپ کے 3 ملازمین کو شک کی بنیاد پر حراست میں لیا

روس پر یورپی یونین کی سربراہ کے طیارے کا جی پی ایس سسٹم جام کرنے کا الزام

بلغاریہ کے حکام نے یورپی کمیشن کی صدر کے طیارے کا جی پی ایس سسٹم جام کرنے کا الزام روس پر لگایا ہے

برسلز (این این آئی) یورپی کمیشن کی صدر ارسلا وان ڈیر لائن کے طیارے کو بلغاریہ میں جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے لینڈنگ میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا، برطانوی میڈیا

طیارے کو جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے لینڈنگ میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق 31 اگست کو ارسلا وان ڈیر لائن کے طیارے کو جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے (بقیہ نمبر 28)

مقبوضہ کشمیر مختلف واقعات میں اینٹی پولیس آفیسر ہلاک، 5 بھارتی فوجی زخمی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں سڑک کے الگ الگ واقعات میں ایک اینٹی پولیس آفیسر ہلاک اور 5 بھارتی فوجی زخمی ہو گئے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اینٹی پولیس آفیسر بشیر (بقیہ نمبر 32)

برطانیہ کی ملکہ کیملا کو نوجوانی میں جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کا انکشاف

کیملا نے حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوتا اتار کر اس شخص کو دے مارا، رپورٹ

کیملا جو اس وقت 16 یا 17 برس کی تھیں، پیڈنگٹن جانے والی ٹرین میں سفر کر رہی تھیں

لندن (این این آئی) برطانیہ کی ملکہ کیملا کو نوجوانی میں ایک ٹرین کے سفر کے دوران جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ انکشاف معروف صحافی میلکولم کو کی آنے والی کتاب پاور اینڈ دی میلس: ہوا ان سائیڈ اسٹوری آف دی مونارکی اینڈ دی پریس میں کیا گیا (بقیہ نمبر 33)

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ ارورڑہ نارووال میں سیلاب متاثرین کے لئے کئے جانے والے اقدامات بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قائمہ کمیٹی آئی ٹی کا پی ٹی سی ایل بورڈ ممبران کو فراہم نہ کرنے پر سینیٹ ظہار برہمی

متاثرین کی بحالی کے لیے کراچی کے مخیّر افراد کی کاوشیں قابل ستائش، سیدال خان ناصر

خیبر پختون خوا میں طوفانی بارشوں اور پنجاب میں بھارت کی آبی دہشت گردی کے باعث خطرناک سیلاب سے ہونے والی تباہی پر پورا ملک سوگوار اور غمزدہ

کراچی (خبر نگار) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ سینٹ میں آئین پاکستان کا تحافظ ہوں، کراچی کا دورہ انتہائی کامیاب رہا، پارٹی کا اونی خادم ہوں، عام رہوں گا، پارٹی قیادت نے جو عزت اور مقام دیا وہ رب کعبہ کا انعام اور میرے والدین بالخصوص والدہ کی دعاؤں کا ثمر ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے اپنے دورہ کراچی کے حوالے سے کہا کہ کراچی آنے کے دو مقاصد تھے الحمدللہ جن مقاصد کے لیے کرا (بقیہ نمبر 27)

چینی صدر کی ازبک صدر سے ملاقات، تعاون کے معاہدوں پر دستخط

بیجنگ (شہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے ازبکستان کے صدر شوکت مرزایوف سے ملاقات کی ہے۔ ازبک صدر چین میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس 2025 اور جاپانی جارحیت کے خلاف چین کی عوامی مزاحمت اور فسطائیت کے خلاف عالمی جنگ میں فتح کی 80 ویں سالگرہ کی تقریبات میں شرکت کے لئے آئے ہیں۔ صدر شی جن پھنگ نے کہا کہ چین ازبکستان کی خودمختاری، سلامتی اور ترقیاتی مفادات کے تحفظ کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین ازبکستان کے ساتھ مل کر ترقیاتی عمل کو ہم آہنگ کرنے، چین-کرغزستان-ازبکستان ریلوے منصوبے کی تعمیر کو آگے بڑھانے اور سائنسی تحقیق، ماحول دوست توانائی، بلیو سمولیات، بنکاری سروسز جیسے نئے منصوبوں کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین ازبکستان کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین ازبکستان کے ساتھ مل کر ترقیاتی عمل کو ہم آہنگ کرنے، چین-کرغزستان-ازبکستان ریلوے منصوبے کی تعمیر کو آگے بڑھانے اور سائنسی تحقیق، ماحول دوست توانائی، بلیو سمولیات، بنکاری سروسز جیسے نئے منصوبوں کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین ازبکستان کی خودمختاری، سلامتی اور ترقیاتی مفادات کے تحفظ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 3 ستمبر 2025ء

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد وسیم کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ

مرکزی سڑک کی بحالی سے مقامی آبادی کو آمد و رفت میں بڑی سہولت میسر آ گئی ہے اور امدادی کارروائیوں میں بھی تیزی

سرگودھا (عبدالمنان چوہدری سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد وسیم کو مومن کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں مسلسل متحرک ہیں اور ساتویں روز بھی فیلڈ میں موجود رہتے ہوئے متاثرین کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ آج سہ پہر انہوں نے مڈھ رانجھا کی سیلاب سے متاثرہ مرکزی سڑک کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں ہائی ویز اور ضلعی انتظامیہ کی دن رات کی کاوشوں سے سڑک مکمل طور پر بحال کر دی گئی ہے۔ مرکزی سڑک کی بحالی سے مقامی آبادی کو آمد و رفت میں بڑی سہولت میسر آ گئی ہے اور امدادی کارروائیوں میں بھی تیزی آ گئی ہے۔ بعد ازاں، ڈپٹی کمشنر محمد وسیم نے مڈھ رانجھا اور دیگر متاثرہ علاقوں میں قائم فیلڈ ہسپتال، عارضی ہسپتالوں اور ریلیف کیمپوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے مریضوں کی رجسٹریشن، علاج معالجے اور دستیاب ادویات و سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے ڈاکٹرز اور طبی عملے کو ہدایت دی کہ متاثرہ خاندانوں کو فوری اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ہم دن رات محنت کر رہے ہیں تاکہ ہر متاثرہ خاندان تک ریلیف پہنچایا جا سکے۔ بحالی کے تمام اقدامات ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جا رہے ہیں جبکہ سیلاب متاثرین کو خوراک، صاف پانی، طبی امداد اور جانوروں کے لیے چارے کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریلیف کیمپوں میں متاثرہ خاندانوں کی رہائش، کھانے پینے کی فراہمی اور علاج معالجے کی تمام سہولیات کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ ساتویں روز بھی ضلعی انتظامیہ، ریسکیو 1122، پاک فوج، پولیس، ہائی ویز، لوکل گورنمنٹ، محکمہ صحت اور دیگر ادارے کو مومن کے متاثرہ علاقوں میں دن رات ریلیف اور بحالی کے کاموں میں مصروف ہیں۔ افسران موقع پر موجود رہ کر آپریشن کی براہِ راست نگرانی کر رہے ہیں تاکہ کسی قسم کی کوتاہی نہ ہو۔

ایس ایچ او کاشف علی بٹ نے 150 ٹرالی مٹی ڈلوا کر 7 دیہات کا رابطہ بحال کر دیا

ڈی پی او فیصل شہزاد کی ہدایات پر سیلاب کے دوران سیالکوٹ پولیس کوشاں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیلاب زدگان کے بچاؤ سے بحالی تک ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی زیر قیادت سیالکوٹ پولیس ہر لمحہ عوام کے شانہ بشانہ ہے۔ تھانہ کوٹلی سید امیر کے علاقے میں سیلابی ریلے سے سڑک بہہ جانے کی وجہ سے سات دیہات کی زمینی رسائی کٹ گئی تھی۔ جس کی وجہ سے مقامی لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ ایس ایچ او کوٹلی سید امیر سب انسپکٹر کاشف بٹ نے جذبہ خدمت کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے 150 سے زائد ٹرالیاں مٹی ڈلوا کر راستہ بحال کر دیا ہے عوام اپنے گھروں کو واپس لوٹ رہے ہیں اور پولیس کے اس اقدام پر دعاؤں اور محبت کے ساتھ خراج تحسین پیش کر رہے ہیں۔ ایس ایچ او کوٹلی سید میر کاشف علی بٹ کا کہنا ہے کہ اپنے تھانہ کوٹلی کے ہمراہ دن رات سیلاب زدہ علاقوں سے شہریوں کے انخلاء اور انکو محفوظ مقامات پر پہنچانے کیلئے خدمت کے جذبہ سے سرشار سیالکوٹ پولیس کوشاں ہے۔ سیالکوٹ پولیس اپنے عوام کے جان و مال کی محافظ اور عوام کی خادم ہے

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف ریلیف کیمپوں اور سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف ریلیف کیمپوں اور سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے متاثرہ کسان، زمینداروں مین ونڈا اور سبز چارہ تقسیم کیا۔ مسلم لیگ ن کے رہنماء چودھری تہور حسین تارڑ، میاں حیدر علی بھٹی، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں جواد حسین ملک بھی انکے ساتھ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹاہلی گورائیہ، باغ نوباغ کہنہ سمیت مختلف سیلابی دیہات اور ریلیف سنٹرز کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سیلاب متاثرین کی سہولت کے لیے قائم ریلیف سنٹرز میں محکمہ صحت، لائیو سٹاک اور دیگر محکموں کی جانب سے قائم کیمپوں میں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ سیلاب متاثرین کے ساتھ ساتھ انکے جانوروں کی خوراک کا بھی خاص خیال رکھا جا رہا ہے۔

عید میلاد النبی کے موقع سیلاب زدگان کی مدد کی جائے

صاحبزادہ رضا احمد نوری سجادہ نشین دربار خواجہ عبدالحکیم نوری چشتی نظامی منڈی صادق گنج کا پیغام

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) عید میلاد النبی کے موقع سیلاب زدگان کی مدد کی جائے۔ صاحبزادہ رضا احمد نوری سجادہ نشین دربار خواجہ عبدالحکیم نوری چشتی نظامی منڈی صادق گنج کا پیغام۔ حضرت خواجہ عبدالحکیم نوری چشتی نظامی کے سجادہ نشین صاحبزادہ رضا احمد نوری نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر عید میلاد النبی کی نسبت سے خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ دربار حضرت خواجہ عبدالحکیم نوری چشتی نظامی سے وابستہ مریدین محبین دوست و احباب سے گزارش کی ہے کہ اس سال عید میلاد النبی سیلاب زدگان کی مدد کی صورت میں منائیں ان کا مزید کہنا تھا کہ سیلاب کی صورت میں اس آفت کا شکار افراد ہمارے بھائی ہیں اس لئے ہمارا فرض ہے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ہم اپنے ان متاثرین بھائیوں کی ہر طرح سے ممکن امداد کریں۔

ضلع میں سیلابی صورت حال کے بعد قصابوں نے چھوٹے اور بڑے گوشت کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ضلع میں سیلابی صورت حال کے بعد قصابوں نے چھوٹے اور بڑے گوشت کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا۔ جبکہ سبزیوں کی قیمتیں بھی بڑھ گئیں جس سے شہری پریشان ہو کر رہ گئے۔ تفصیلات کے مطابق شہر میں قصاب پہلے ہی چھوٹا گوشت ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے مقرر کردہ قیمتوں کی دھجیاں اڑا کر 23 سو روپے کلو اور بڑا گوشت گیارہ سو روپے کلو میں فروخت کر رہے تھے جواب انہوں نے 24 سو روپے کلو اور بڑا گوشت بارہ سو روپے کلو میں فروخت کرنا شروع کر دیا ہے جبکہ اسی طرح سبزیوں اور ٹماٹر کی قیمتوں میں بھی خاطر خواہ اضافہ کر دیا گیا ہے

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر وسیم عباس، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر زراعت بلوچ، محکمہ صحت، تعلیم، سب جیل، شلٹر ہوم اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نے شرکاء اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا کہ انسانی حقوق کے تحفظ اور شہریوں کو ان کے بنیادی حقوق کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا گیا کہ ضلعی سطح پر عوامی آگاہی، شکایات کے فوری ازالے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے تدارک کے لیے ہر ممکن اقدامات یقینی بنائے جائیں اور اس مقصد کے لئے تحریری شکایت ڈپٹی کمشنر آفس یا مرکزی کنٹرول روم کے فون نمبر 0543660250 پر درج کروائی جا سکتی ہے

پٹھانوں والی (حسن ٹاؤن) تک سیوریج لائنوں کی بندش نے ہزاروں مکینوں کی زندگی اجیرن بنا دی

دو سال سے گندا پانی گلیوں میں جمع ہے، مچھروں کی بھرمار، مختلف بیماریاں، اور مسجد تک رسائی میں رکاوٹ روزمرہ کا معمول بن چکا ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کی معروف آبادی مبارک کالونی میں واقع مسجد یا رسول اللہ ﷺ اور مرکز حیات الاسلام سے لے کر مسجد پٹھانوں والی (حسن ٹاؤن) تک سیوریج لائنوں کی بندش نے ہزاروں مکینوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ گزشتہ دو سال سے گندا پانی گلیوں میں جمع ہے، مچھروں کی بھرمار، مختلف بیماریاں، اور مسجد تک رسائی میں رکاوٹ روزمرہ کا معمول بن چکا ہے۔ یہ امر قابل افسوس ہے کہ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد متعدد بار اس جگہ کا دورہ کر چکے ہیں، اور موجودہ سیاسی حکومت سے وابستہ بااثر قیادت بھی کئی بار علاقے کا وزٹ کر چکی ہے۔ مگر ہر بار میونسپل کمیٹی اور واسا کا عملہ حقائق کے برخلاف یہ مؤقف دے کر جان چھڑا لیتا ہے کہ سیوریج لائنیں بیٹھ گئی ہیں، حالانکہ یہ بات سراسر غلط ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سیوریج لائنیں صرف چوک (بند) ہوئی ہیں۔ اگر ایمانداری سے مکمل صفائی کر دی جائے تو یہ کام دو دن سے بھی کم وقت میں مکمل ہو سکتا ہے۔ علاقہ مکینوں نے الزام لگایا ہے کہ سی او میونسپل کمیٹی اور ان کے قریبی افسران کروڑوں روپے کی جعلی کوٹیشنز تیار کر کے مبینہ طور پر کرپشن میں ملوث ہیں۔ جعلی بلز کے ذریعے قومی خزانے کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے، جبکہ ایک چھوٹے بجٹ اور فوری حل طلب عوامی مسئلے یعنی سیوریج صفائی کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ مبارک کالونی، حسن ٹاؤن، محلہ بہاولپور شرقی اور غربی کے عوام نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، چیف سیکریٹری پنجاب، اور دیگر اعلیٰ حکام سے پُرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر سیوریج لائنوں کی صفائی کے لیے ٹینڈر جاری کیا جائے، بدعنوان عناصر کے خلاف شفاف انکوائری کی جائے حافظ آباد میں ※※ صاف ستھرا پروگرام ※※ کی ناکامی کا نوٹس لیا جائے عوام نے واضح کیا ہے کہ اگر اس دو دن کے معمولی کام کو مزید تاخیر کا شکار کیا گیا تو وہ جلد احتجاجی تحریک شروع کرنے پر مجبور ہوں گے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد سیلاب متاثرین کے گاؤں میں پہنچ گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد سیلاب متاثرین کے گاؤں میں پہنچ گئے اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ صدر، دیگر پولیس افسران، اہل علاقہ بھی موجود تھے ڈی پی او نے دریا کنارے واقع ٹھٹھہ دیوڑا میں سیلاب زدگان سے ملاقات کی، سیلابی صورتحال سے متعلق تبادلہ خیال کیا، ڈی پی او نے مسجد میں سیلاب زدگان، بچوں میں کھانا پانی تقسیم کیا، انکے ہمراہ کھانا کھایا ڈی پی او عبداللہ احمد نے گھروں میں جا کر فیملیز میں کھانا تقسیم کیا، خیریت دریافت کی اس موقع پر ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد کہنا تھا کہ پولیس افسران و جوان ضلعی انتظامیہ کے شانہ بشانہ ریسکیو و امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں، مشکل کی اس گھڑی میں چنیوٹ پولیس کا ہر افسر، جوان سیلاب زدگان کی مدد کیلئے کوشاں ہے، سیلاب زدگان کی مدد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ضلع چنیوٹ کا دورہ کیا

گورنر پنجاب نے فیلڈ ہسپتال میں جا کر سیلاب متاثرین کے علاج معالجہ کے اقدامات کا مشاہدہ اور ہسپتال کے قیام کو سراہا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ضلع چنیوٹ کا دورہ کیا اور سیلابی علاقوں و فلڈ ریلیف کیمپس میں گئے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل ریلیف کیمپ اڈا پٹھان کوٹ و دیگر علاقوں میں قائم کیمپس میں سٹالز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہیلتھ کیمپ پر ڈاکٹرز کی موجودگی کا جائزہ لیا۔ گورنر پنجاب نے فیلڈ ہسپتال میں جا کر سیلاب متاثرین کے علاج معالجہ کے اقدامات کا مشاہدہ اور ہسپتال کے قیام کو سراہا۔ انہوں نے موقع پر موجود متاثرین سے ملاقات بھی کی اور کہا کہ حکومت سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گی۔ ان کے مکانات، مویشیوں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا گورنر پنجاب نے ضلعی انتظامیہ چنیوٹ کے بحالی اقدامات کو تسلی بخش قرار دیا اور کہا کہ قدرتی آفت سے نمٹنے کے لئے تمام مشینری سرگرم عمل ہے۔ قبل ازیں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے قائم مختلف فلڈ ریلیف کیمپس کا دورہ کیا۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب زدگان کے دکھ درد کا احساس ہے۔ ہم سب نے اس دکھ درد سے نکلنے کے کوشش کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے مکان، مویشی، زمینیں سیلاب میں بہہ گئیں۔ سیلاب پر کوئی سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ ہم سب کو مل کر اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ مل کر کھڑا ہونا ہے۔ اللہ کی جانب سے جو آفت ہے اسکا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان کو سیلاب زدگان کے بجلی کے بل کم از کم 6 ماہ کے لئے معاف کرنے کے لئے خصوصی طور پر تحریر کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سے بھی آبیانہ، قرضوں کی معافی کا مطالبہ کرونگا۔ انہوں نے کہا کہ غریب کے نقصان کا درست تخمینہ لگایا جائے گا گورنر پنجاب نے کہا کہ ریڈ کریسنٹ، سویٹ ہوم، جیو پاک سمیت دیگر این جی اوز اور مخیر ادارے سروسز فراہم کر رہے ہیں۔ جنرل سیکرٹری وسطی پنجاب سید حسن مرتضیٰ، ڈویژنل صدر پیپلز پارٹی سید عنایت علی شاہ، ضلعی صدر سید علی رضا زیدی، سابق امیدوار صوبائی اسمبلی سید کلیم علی امیر شاہ اور دیگر پارٹی رہنما بھی موجود تھے۔

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 10 ہزار متاثرین میں روزانہ کھانا تقسیم کیا جا رہا ہے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق

آخری سیلاب متاثرہ شخص کی بحالی تک امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رہے گا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی بحالی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 10 ہزار متاثرین میں روزانہ کھانا تقسیم کیا جا رہا ہے۔ 4 ہزار سے زائد متاثرین میں خشک راشن تقسیم کیا جا چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایات کے مطابق آخری سیلاب متاثرہ شخص کی بحالی تک امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی صحافیوں کو سیلاب متاثرین کے لیے کیے جانے والے ریلیف اقدامات بارے میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ انتظامیہ کی جانب سے تمام ریلیف کیمپوں اور دور دراز سیلابی دیہات میں جا کر کھانا اور راشن تقسیم کیا جا رہا ہے۔ متاثرین سیلاب کے علاج معالجہ کے لیے تمام ریلیف سنٹرز پر میڈیکل کیمپ قائم ہیں اور متاثرہ دیہات میں مریم نواز کلینک آن وہیل کے تحت علاج معالجہ کیا جا رہا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ جانوروں کی خوراک کا بھی خصوصی طور پر بندوبست کیا جا رہا ہے اور اب تک ونڈا کے 4 ہزار پیکٹ تقسیم کئے جا چکے ہیں اس کے علاوہ سبز چارہ اور ساتھ بھی تقسیم کر رہے ہیں۔ جانوروں کی ویکسی نیشن کے لیے ریلیف کیمپ پر سہولت دستیاب ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ مکمل کی اس گھڑی میں سیلاب متاثرین ہماری خصوصی مدد کے منتظر ہیں ان متاثرین کی جہاں حکومتی سطح پر بحالی کا کام جاری ہے تو وہاں سماجی تنظیمیں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہیں۔ خیر حضرات کو بھی چاہیے کہ وہ مصیبت میں مبتلا اپنے سیلاب متاثرہ بہن بھائیوں کی دل کھول کر مدد کریں۔

رجسٹرڈ این این جی اوز کو ایک ہفتہ کے اندر اندر پنجاب چیریٹی کمیشن پر رجسٹریشن کرانے کی ہدایات

08 ستمبر تک چیریٹی کمیشن رجسٹریشن نہ کروانے والی انجمنوں کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائیگی

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) حکومت پنجاب ہوم ڈیپارٹمنٹ نے واضح کیا ہے کہ صوبہ بھر میں کام کرنے والی تمام رجسٹرڈ این جی اوز کو ایک ہفتہ کے اندر پنجاب چیریٹی کمیشن کے ساتھ رجسٹریشن مکمل کرنا ہوگی۔ اس ضمن میں 08 ستمبر تک رجسٹریشن نہ کروانے والی انجمنوں کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی اور ان کی تمام سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی جائیگی۔ رجسٹرار جوائنٹ سٹاک کمپنیز کے مطابق ہر سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 1860 کے تحت رجسٹرڈ انجمن کا پنجاب چیریٹی ایکٹ 2018ء کے سیکشن 12 کے تحت پنجاب چیریٹی کمیشن کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ انجمنوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ چیریٹی کمیشن کے ویب پورٹل پر آن لائن رجسٹریشن مکمل کریں۔ یہ اقدام صوبے میں فلاحی اور رفاہی اداروں کی شفافیت، کارکردگی کی جانچ اور نگرانی کو موثر بنانے کیلئے اٹھایا جا رہا ہے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوجرانوالہ سمیرا اقبال نے کہا کہ حکومت نے واضح کیا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر اندر پنجاب چیریٹی کمیشن پر رجسٹریشن نہ کروانے والے اداروں کے کی رجسٹریشن کو کینسل کر دیا جائے گا۔

نالہ ایک کنارے قائم تجاوزات کیخلاف آپریشن شروع، تجاوزات مسمار

عرصہ دراز سے قائم ان ناجائز تجاوزات نے نالہ ایک کی گزرگاہوں کو تنگ کرتے انتہائی مخدوش صورتحال پیدا کر رکھی تھی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شہر سیالکوٹ کے نالہ ایک کے ارد گرد قائم ناجائز تجاوزات کی خبر شائع ہونے کے بعد وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے ایکشن لیتے ہوئے نالہ ایک کی اطراف کا دورہ کیا اس دوران وہاں قائم ناجائز تجاوزات مافیا کو اپنی تجاوزات مسمار کرنے کی وارننگ بھی دی مگر کوئی شخص ٹس سے مس نہ ہوا۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے حکم پر نالہ ایک کنارے آپریشن شروع کرتے ہوئے آج نالہ ایک کے گرد قائم پختہ و عارضی ناجائز تجاوزات کے خلاف اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کرتے ہوئے ہیوی مشینری بروئے کار لاتے ہوئے انتظامیہ نے تجاوزات گرانی شروع کر دی ہیں موقع پر موجود اینٹی انکروچمنٹ عملہ کا کہ اس ہے کہ یہ ایک بڑا آپریشن شروع ہوا ہے جس کا دائرہ کار بڑھتے ہوئے ناجائز تعمیر شدہ فیکٹریوں اور رہائشوں تک بھی بڑھ سکتا ہے۔ واقع رہے کہ عرصہ دراز سے قائم ان ناجائز تجاوزات نے نالہ ایک کی گزرگاہوں کو تنگ کرتے انتہائی مخدوش صورتحال پیدا کر دی جس کی وجہ سے ہیوی مون سون سپیلز کے دوران شہریوں کو ایک بپھرنے کے بعد سیلابی صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نالہ ایک کے سیلابی پانی نے نیکا پورہ، رنگپورہ، پورہ ہیراں، کشنے والی جودھے والی، عدالت گڑھا، شراب گڑھا، مانا کوٹ، کیئر والی، گنجیانوالی سمیت مختلف دیہی و شہری آبادیوں اور زرعی رقبوں میں تباہی مچاتے کروڑوں روپے کے نقصانات پہنچائے وہیں سول ڈیفنس و ایمرجنسی ریسکیو اداروں اور ضلعی انتظامیہ کی بھی دوڑیں لگیں اور ہزاروں شہریوں کی املاک گھروں گاڑیوں میں پانی بھرنے کے واقعات میں کروڑوں کا نقصان اور تباہی ہوئی

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی ہدایت پر نارنگ منڈی کے سیلاب متاثرین میں راشن اور جانوروں کیلئے خشک چارہ تقسیم کیا گیا

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ اے ڈی سی آر اور جی اسسٹنٹ کمشنر نے متاثرہ علاقوں پسیانوالہ راچھورہ بریار کجلہ مقبول پور منڈھیالی دودھے وغیرہ کا دورہ کیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی ہدایت پر نارنگ منڈی کے سیلاب متاثرین میں راشن اور جانوروں کیلئے خشک چارہ تقسیم کیا گیا سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری واجد علی خاں لیاقت علی ٹھیکیدار سلامت نمبردار شہباز وغیرہ نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں مویشیوں کے چارے کی شدید قلت پر وفاقی وزیر غذائی تحفظ رانا تنویر حسین سے اپیل کی جس پر انہوں نے پنجاب حکومت کو فراہمی کیلئے فوری ہدایت کی ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ اے ڈی سی آر اور جی اسسٹنٹ کمشنر سمیت متاثرہ علاقوں پسیانوالہ راچھورہ بریار کجلہ مقبول پور منڈھیالی دودھے وغیرہ کا دورہ کیا متاثرہ افراد میں راشن بیگز اور مویشیوں کیلئے چارہ فراہم کیا گیا اس موقع پر پنجاب کے تمام محکمے اور ادارے موجود تھے جانوروں کیلئے چارے کی شدید قلت کی وجہ سے مویشی بھوکے مر رہے تھے چارے کی فراہمی پر کسانوں نے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور پنجاب حکومت کا شکریہ ادا کیا ہے۔

چوہدری عمران علی چیمہ نے بزرگ حریت قائد سید علی گیلانی کو مزاحمت کی ایک عظیم علامت قرار دیا ہے

سید علی گیلانی صرف ایک رہنما نہیں تھے بلکہ وہ اپنی ذات میں انجمن تھے جن کی زندگی بھر کی جدوجہد اور قربانیاں آزادی پسند کشمیریوں کی رہنمائی کرتی رہینگی

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) معروف سینئر کالم نگار چوہدری عمران علی چیمہ نے بزرگ حریت قائد سید علی گیلانی کو ان کی چوتھی برسی کے موقع پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں مزاحمت کی ایک عظیم علامت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا سید علی گیلانی صرف ایک رہنما نہیں تھے بلکہ وہ اپنی ذات میں انجمن تھے جن کی زندگی بھر کی جدوجہد اور قربانیاں آزادی پسند کشمیریوں کی رہنمائی کرتی رہینگی۔ سید علی گیلانی کو جرات اور صبر و استقامت کی ایک عظیم علامت قرار دیا۔ انہوں نے عظیم قائد آج بھی کشمیری عوام کے دلوں میں زندہ ہیں 'سید علی گیلانی کا یہ نعرہ ہم پاکستانی ہیں اور پاکستان ہمارا ہے آج بھی کشمیر کے چپے چپے پر گونجتا ہے' ان کی قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی جدوجہد آزادی کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ چوہدری عمران چیمہ نے مزید کہا کہ سید علی شاہ گیلانی دراصل کشمیر میں پاکستان کے وکیل اور سفیر تھے۔ انہوں نے الحاق پاکستان کی ترجمانی کا حق جس بلند حوصلے 'بصیرت اور دلیل کے ساتھ ادا کیا وہ تاریخ کا ایک درخشاں باب ہے۔ ان کا یہ دوٹوک موقف کہ ※※ ہم پاکستانی ہیں اور پاکستان ہمارا ہے ※※ کشمیری عوام کے دلوں کی آواز اور تحریک آزادی کی اساس ہے۔ سید علی گیلانی کا کردار تحریک آزادی کشمیر کیلئے ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

شہر کے گلی محلوں، سڑکوں، چوکوں، بازاروں اور فوڈ پوائنٹس پر بھکاریوں کی بھرمار نے شہریوں کا جینا محال کر دیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ میں گداگری مافیا نے پنجے گاڑ لیے، شہر کے گلی محلوں، سڑکوں، چوکوں، بازاروں اور فوڈ پوائنٹس پر بھکاریوں کی بھرمار نے شہریوں کا جینا محال کر دیا۔ ہر جگہ عورتیں اور بچے ہاتھ پھیلائے شہریوں کا پیچھا کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق شہر بھر میں بھیک مانگنے کا یہ سلسلہ اب منظم کاروباری شکل اختیار کر چکا ہے جس کے پیچھے بااثر گداگر گروہ سرگرم ہیں، تاہم انتظامیہ اور پولیس تاحال کوئی عملی قدم اٹھانے میں ناکام دکھائی دیتی ہے۔ قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ ※※ گداگری ایکٹ ※※ کے تحت پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کارروائی کا واضح قانون موجود ہے لیکن اس پر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث یہ ناسور پھیل رہا ہے۔ شہری حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے اور مافیا کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

خواجہ اویس مشتاق نے ملک بلال اعوان ایڈووکیٹ کو پنجاب بار کونسل کا لائسنس دیا

قانون کی بالادستی یقینی بنانے کیلئے جدوجہد یقینی بنائیں۔ سابقہ صدر سیالکوٹ بار



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معروف وکیل سپریم کورٹ خواجہ اویس مشتاق نے وکالت کی ڈگری پاس کرنے والے ملک بلال اعوان کو وکالت کا لائسنس دیا۔ اس موقع پر خواجہ علی شیر، میاں مومن شبیر، احتشام گورایہ ایڈووکیٹ بھی موجود تھے۔ ایڈووکیٹ ملک بلال اعوان نے پنجاب بار کونسل کا لائسنس ایڈووکیٹ سپریم کورٹ جناب خواجہ اویس مشتاق سے وصول کیا۔ سابقہ صدر سیالکوٹ بار خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ نے اپنے شاگرد کو وکالت کے عظیم پیشے میں قدم رکھنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ وکالت محض پیشہ نہیں بلکہ خدمتِ خلق کا ذریعہ ہے، جہاں وکیل کے کندھوں پر عوامی مسائل حل کرنے اور قانون کی بالادستی قائم رکھنے کی بھاری ذمہ داری ہوتی ہے۔

77 ویں سالانہ سیرت النبی کانفرنس 12 ربیع الاول کو جامعہ محمودیہ تعلیم القرآن شاہی مسجد دیپالپور میں انعقاد پذیر ہو گی

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) 77 ویں سالانہ سیرت النبی کانفرنس 12 ربیع الاول کو 11 بجے دن زبمقام جامعہ محمودیہ تعلیم القرآن شاہی مسجد دیپالپور میں زیر انتظام (بزم شاہ محمود و انور رحمہ اللہ) انعقاد پذیر ہو گی اس حوالے سے اہم مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا، علماء، حفاظ کرام اور دیگر افراد کی شرکت، تفصیلات کے مطابق 77 ویں سالانہ فقید المثال سیرت النبی کانفرنس 12 ربیع الاول بروز ہفتہ 11 بجے دن بمقام جامعہ محمودیہ تعلیم القرآن جامع شاہی دیپالپور میں انعقاد پذیر ہو گی، اس حوالے سے اہم مشاورتی اجلاس زیر صدارت ابن انور سید انظر محمود شاہ بخاری منعقد ہوا جس میں ابن انور سید اختر محمود بخاری، شیخ الحدیث مولانا شاہد محمود، مولانا عبدالستار محمودی، مولانا عبدالرشید محمودی، مولانا قاری مقصود احمد، حافظ القاری محمد اویس، مولانا ندیم معاویہ، مرزا فاروق احمد سلفی جنرل سیکرٹری دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) 1991ء، پیر عاقب جہانگیر علی چشتی، شیخ شہزاد احمد پراچہ، محمد اصغر رحمانی، ملک منور سعید، محمد عدنان بھٹی، قاری محمد طفیل، علی نقاش، حافظ علی رضا، حافظ عمران کے علاوہ دیگر افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور عزم ظاہر کیا گیا کہ 12 ربیع الاول کے حوالے سے منعقدہ کانفرنس کو حسب سابق کامیاب بنانے کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کے ماموں، ملک احمد سعید خاں اور ملک احمد رئیس خاں کے والد محترم بابا جی حاجی حنیف خاں قضائے الٰہی سے وفات پا گئے

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر) کوٹ رادھا کشن وفاقی وزیر ملک رشید احمد خاں کے بڑے بھائی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کے ماموں، ملک احمد سعید خاں اور ملک احمد رئی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

قدرتی آفت: قومی آزمائش

آزمائشیں انسان کی انفرادی ہی نہیں قومی و اجتماعی زندگی کا بھی لازمہ ہیں جن سے سیکھا جائے اور کوتاہیوں کی تلافی کی جائے تو کامیابی سے عہدہ براہ ہو کر مستقبل کو محفوظ اور روشن بنایا جاسکتا ہے جبکہ غیر ذمے داری اور غفلت کی روش ناقابل تلافی خسارے کا سبب بنتی ہے۔ پاکستانی قوم ان دنوں غیر معمولی آبی بحران کی شکل میں ایسی آزمائش سے دوچار ہے جو قدرتی اسباب کے ساتھ ساتھ عشروں سے جاری انسانی کوتاہیوں، من مانیوں اور ذاتی مفاد کو اجتماعی مفاد پر قربان کرنے کی مذموم روش کا نتیجہ ہے۔ غیر محفوظ توانائی کے استعمال، جنگلات کے خاتمے جیسی کارروائیوں کے نتیجے میں کرہ ارض کے درجہ حرارت کے بڑھنے اور اس کی وجہ سے گلیشیروں کے پگھلنے کے تباہ کن اثرات سے ماہرین کئی دہائیوں سے خبردار کرتے چلے آرہے ہیں لیکن ترقی یافتہ ملکوں نے ماحول دوست توانائی کو خاطر خواہ پیمانے پر اپنا کر بتائے گئے خطرات سے دنیا کو بچانے کیلئے اپنا فرض ادا نہیں کیا جس کا خمیازہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملکوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ تاہم ماحولیاتی چینج کی شدت دوسرے متاثرہ ملکوں کے مقابلے میں پاکستان میں سب سے زیادہ اسلئے ہے کہ ہم نے خود بھی اپنے پیروں پر آپ کلہاڑی مارنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ پانی ذخیرہ کرنے کیلئے ضرورت کے مطابق بڑے چھوٹے ڈیموں کی تعمیر پر کسی دور حکومت میں توجہ نہیں دی گئی، باتیں ہوئیں مگر عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر رہے، جنگلات کی کٹائی کے مجرمانہ کاروبار کو روکنے کے بجائے چشم پوشی برتی جاتی رہی، عدالتی احکامات کے باوجود یہ سلسلہ کبھی بند نہیں ہوا۔ آبی گزرگاہوں پر تعمیرات، درختوں کا صفایا کرکے پوش رہائشی اسکیموں کا لامتناہی سلسلہ، پورے ملک میں یہ سرگرمیاں کسی روک ٹوک کے بغیر جاری چلی آرہی ہیں اور اس کی وجہ ایسے بااثر، طاقتور عناصر کی دولت کی ہوس ہے جن کے خزانوں میں پہلے ہی کوئی کمی نہیں۔ آج پاکستان جس تباہ کن سیلاب سے دوچار ہے، بلاشبہ اس میں قدرتی اسباب کا بڑا حصہ ہے لیکن اگر ہم نے اپنے حصے کا کام کرلیا ہوتا تو اس کی شدت اور تباہ کاری یقیناً بہت کم ہوتی۔ تادم تحریر دستیاب معلومات کے مطابق خیبر پختونخوا کے بعد اب ملک کا سب سے بڑا صوبہ پنجاب سے اس آبی بحران کی ہولناکیوں کا سامنا کر رہا ہے جبکہ یہ سیل بلاخیز لحہ بہ لحہ دوسرے بڑے صوبے یعنی سندھ کی جانب رواں دواں ہے۔ دریائے سندھ کے دونوں کناروں پر 16 لاکھ سے زائد افراد کو خطرہ لاحق ہے۔ گلیشیر پگھلنے سے گلگت بلتستان میں مزید سیلاب کا خدشہ ہے جب کہ خیبر پختونخوا کے کچھ علاقوں بشمول پشاور میں شدید بارشوں کے باعث شہری سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا کوئی اندازہ تو اس وقت نہیں لگایا جاسکتا لیکن آنے والے چیلنجوں سے نمٹنے حکمت عملی ضرور طے کی جاسکتی ہے۔ اس حوالے سے سب سے پہلی ضرورت تو قوم کا اسی طرح متحد ہونا ہے جس کا مظاہرہ بھارت کی مسلط کردہ حالیہ جنگ میں ہوا۔ درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے موثر عملی پروگرام وضع کرنے کی خاطر ملک کی سیاسی و عسکری قیادت پر مشتمل کل جماعتی کانفرنس کا انعقاد اور اس میں اختلافات سے بالاتر ہو کر سب کی باامعنی اور مخلصانہ شرکت یقیناً سیاسی انتشار کی برسوں سے جاری صورت حال کو بدل سکتی ہے۔ متاثرین کی بحالی کیلئے مزید ٹیکس عائد کرکے لوگوں کی زندگیاں اور دشوار بنانے کے بجائے شفافیت کے مکمل اہتمام کے ساتھ وفاقی سطح پر قومی فنڈ قائم کیا جائے جس میں مخیر مقامی و بیرون ملک مقیم پاکستانی دل کھول کر حصہ لیں، نئے آبی ذخائر کی تعمیر جلد شروع کی جائے، بڑے پیمانے پر شجرکاری کی جائے اور درخت کاٹنے پر سخت سزا دی جائے۔ نیز کرپشن پر مکمل کنٹرول، نجکاری کا عمل تیز اور تمام غیر ضروری مراعات اور سرکاری اخراجات ختم کرکے ضائع ہونے والے قومی وسائل بچائے جائیں۔

ٹرمپ کا دورہ بھارت منسوخ

عہد حاضر جارحیت و مبارزت کا نہیں بلکہ صرف اور صرف معاونت و تجارت کا ہے، اس پیرائے میں دیکھا جائے تو دنیا کا کوئی بھی ملک یک وتنہا ترقی کرنا تو دور کی بات اپنے ملکی امور تک بہ حسن و خوبی سرانجام نہیں دے سکتا۔ امریکہ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مسند اقتدار سنبھالی تو انہوں نیا مریکی معاشی مضبوطی کیلئے ان تمام ممالک پر ٹیرف عائد کردیا جو اس سے تجارت کرتے ہیں، یہ ٹیرف بھارت پر 50 فیصد عائد کیا گیا۔ دوسری طرف پاکستان کے ہاتھوں جنگ میں شکست کھانے کے بعد امریکہ کی توجہ چین اور مشرق وسطیٰ کی پالیسی پر مرکوز ہوگئی۔ بھارت نے ٹرمپ کیٹنگ بندی کیا علان کو تسلیم نہ کیا تو ٹرمپ کی ناراضی اس لیے بڑھ گئی کہ خود بھارت نے جنگ بندی کیلئے ان سے درخواست کی تھی۔ اب بھارت اور مودی کو ایک اور دھچکا لگا ہیکہ ٹرمپ نے 2025ء کے کواڈ سربراہی اجلاس میں شرکت کیلئے بھارت کا دورہ منسوخ کردیا ہے۔ مذکورہ اجلاس میں امریکہ، بھارت، جاپان اور آسٹریلیا کے رہنما شریک ہونا تھے۔ امریکی میڈیا کے مطابق فیصلہ انتہائی مصروف گھریلو شیڈول اور پالیسی ترجیحات پر کیا گیا جبکہ ایک امریکی اخبار کے مطابق یہ دورہ بھارت امریکہ تجارتی کشیدگی کے تناظر میں کیا گیا۔ بھارت اگر پہلگام سانحہ کے بعد پاکستان کی بات مان لیتا اور یوں جنگ آزمانہ ہوتا تو شائد حالات مختلف ہوتے لیکن مودی اب تک اپنی خفت مٹانے کیلئے جنگ کی باتیں کر رہے ہیں، بھارت کے سنجیدہ حلقوں کو چاہیے کہ مودی کو باور کرائیں کہ جنگ سے کسی کو بھی کچھ حاصل نہیں ہوگا اور اگر کچھ حاصل ہوگا تو وہ محض اچھی ہمسائیگی اور بہتر اقتصادی و تجارتی تعلقات سے۔ بھارت اپنی عالمی تنہائی کے خاتمے کیلئے پاکستان کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھائے کہ یہی دونوں ممالک اور خطے کے مفاد میں ہے۔

بنگالی مسلمانوں کی بے دخلی

محمد اکبر خان

دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کی دعوے دار ریاست نے ایک مدت سے آمرانہ اور غیر جمہوری انداز اپنا رکھا ہے۔ مودی کی متعصب اور تنگ نظر حکومت نے مسلمانوں کے لیے ہندوستان کو ترک بنا دیا ہے۔ ریاست پاکستان کا جب ابتدائی نقشہ جاری کیا گیا تھا تو بنگال کے علاوہ آسام کو بھی بڑی مسلم آبادی کی وجہ سے پاکستان کا حصہ دکھایا گیا تھا۔ آسام میں صدیوں سے سکونت پزیر مسلمانوں کی زبان بنگالی بھی ہے اور آسامی بھی۔ مودی نے جب جانبدارانہ اور متعصبانہ قانون شہریت نافذ کیا تو اس کا سب سے بڑا نشانہ آسام اور مغربی بنگال کے بنگالی مسلمان بنے جن کی شہریت کو بہ یک جنبش قلم متنازعہ بنا دیا گیا صدیوں سے رہنے والے غیر ملکی کہلائے اور کچھ ہی دنوں میں آنے والے سب غیر مسلم شہریت کے حقدار ٹھہرے۔ حال ہی میں ہندوستان کی متعصب حکومت نے بنگالی ہندوستانی شہریوں کی بڑی تعداد کو بنگلہ دیشی قرار دے جبری ملک بدر کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، جس نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات پر ایک نئی بحث نے جنم لیا ہے۔ یہ اقدام بنگلہ دیشی حکومت اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے لیے تشویش کا باعث بنا ہوا ہے، جو اسے انسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دے رہی ہیں۔ بھارتی حکام کا کہنا ہے کہ یہ لوگ غیر قانونی طور پر بھارت میں رہ رہے تھے اور انہیں ملک کے قوانین کے مطابق ڈیپورٹ کیا گیا ہے۔ تاہم، بنگلہ دیشی حکومت نے اس عمل پر اعتراض کیا ہے، کیونکہ ان کا خیال ہے کہ بہت سے ڈیپورٹ کیے گئے افراد درحقیقت ہندوستانی شہریت کے حامل ہیں جن کے پاس درست دستاویزات بھی موجود ہیں۔ اس تازہ معاملے نے دونوں ممالک کے درمیان طویل عرصے سے جاری غیر قانونی تارکین وطن کے مسئلے کو ایک بار پھر اجاگر کر دیا ہے۔ ہندوستان کا موقف ہے کہ بنگلہ دیش سے بھارت ہجرت کرنے والے افراد کی بڑی تعداد کی وجہ سے بھارتی حکومت اکثر سخت اقدامات اٹھاتی ہے، جس کے نتیجے میں کئی بار تنازعات پیدا ہوجاتے ہیں۔ بنگلہ دیشی حکومت کا موقف ہے کہ بھارت کو ملک بدری سے قبل مناسب طریقہ کار اپنانا چاہیے اور ان افراد کی شہریت کی تصدیق کرنی چاہیے جن کے بارے میں ان کا دعویٰ ہے کہ وہ بنگلہ دیشی ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں بھی اس عمل پر سخت تنقید کر رہی ہیں، کیونکہ ڈیپورٹیشن کے دوران کئی خاندان بکھر گئے ہیں اور بعض معاملات میں افراد کو تشدد کا سامنا بھی کرنا پڑا ہے۔ ان تنظیموں کا مطالبہ ہے کہ دونوں ممالک کو اس مسئلے پر بات چیت کرنی چاہیے افہام و تفہیم سے راستہ نکالنا چاہیے اور ایسے حل تلاش کرنے چاہئیں جو انسانی حقوق کا احترام کریں۔ بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان تعلقات عام طور پر دوستانہ رہے ہیں، لیکن شیخ حسینہ واجد کے خلاف جاری عوامی تحریک اور اس کے نتیجے میں ان کی بھارت میں پناہ حاصل کرنے کے بعد یہ تناؤ کا شکار ہیں۔ بین الاقوامی امور کے ماہرین کا کہنا ہے کہ دونوں ممالک کو غیر قانونی تارکین وطن کے مسئلے پر مشترکہ حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے۔ اگرچہ بھارت کو اپنی سرحدوں کی حفاظت کا حق حاصل ہے، لیکن اس عمل میں انسانی حقوق کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ اس سارے معاملے میں بھارتی حکومت کا متعصبانہ اور جانبدارانہ رویہ واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے جس کی زد میں آکر بھارتی مسلمانوں کو مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ بنگلہ دیش سے کچھ لوگوں نے ہندوستان ہجرت کی ہو مگر وہاں جانے والے سب افراد کے ساتھ یکساں برتا ضروری ہے اس میں مذہب کی تخصیص ہرگز نہیں ہونی چاہیئے۔ بنگلہ دیشی حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے شہریوں کو غیر قانونی ہجرت سے روکنے کے لیے اقدامات کرے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کو روکا جاسکے۔ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون ہی اس مسئلے کا پائیدار حل ہوسکتا ہے۔ بھارتی ریاست آسام میں ایک مدت سے سکونت پزیر آسامی مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد کو بنگالی قرار دے کر اور ان کی شہریت کو مشکوک قرار دے کر بے دخل کیا کرنا بھی درست نہیں۔ ایک اندازے کے مطابق ڈیڑھ لاکھ سے زائد آسامی مسلمانوں کو بے دخل کرنے کے نوٹس دیے گئے ہیں۔ بھارتی حکومت مسلمانوں کو حراستی مرکز کے جاتی ہے اور پھر انھیں بنگلہ دیشی علاقے میں دھکیل دیا جاتا ہے ان کی جائیدادیں اور زمینوں پر ہندو قابض ہو جاتے ہیں۔ دراصل ہندوستانی حکومت آسام میں بڑھتی ہوئی مسلم آبادی سے خائف نظر آتی ہے یہ سب اگلے سال کے انتخابات کی تیاریاں معلوم ہوتی ہیں تاکہ ہندو مسلم تفریق کھڑی کرکے آسام میں ووٹ لیے جائیں اور حکومت بنائی جائے۔ پہلگام واقعے کے بعد آسام کے مسلمانوں پر ایک قیامت سی ٹوٹ پڑی ہے اور ان کی بے دخلی کا عمل زور و شور سے جاری ہے۔ بنگالی زبان بولنے والے اور میانمار کے روہنگیا مسلمان اس مہم کا خاص حدف ہیں۔

لمحۂ فکریہ

طاہرہ نعیم
نائب صدر: آزاد جموں و کشمیر یونین آف کالمسٹ ڈویژن میرپور

تحریر: طاہرہ نعیم (مرکزی نائب صدر اپنا)

آزاد جموں و کشمیر اس وقت ایک نازک دوراہے پر کھڑا ہے۔ خطے کے مختلف سرکاری محکموں کے ملازمین مسلسل ہڑتالوں اور احتجاجی مظاہروں پر مجبور ہیں۔ کبھی اساتذہ تنخواہوں کے مسئلے پر سڑکوں پر نظر آتے ہیں، کبھی واپڈا اور بجلی کے ملازمین اپنے حقوق کے لیے سراپا احتجاج بنتے ہیں، کبھی صحت کے شعبے سے وابستہ ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف مطالبات کے لیے قلم چھوڑ ہڑتال کرتے ہیں، اور کبھی کلرک اور نچلے درجے کے سرکاری ملازمین دفاتر کو تالے لگا

سرکاری ملازمین کی ہڑتالیں اور حکومت کی بے حسی

دیتے ہیں۔ یہ سب ایک تسلسل کے ساتھ چل رہا ہے اور حیرت انگیز بات یہ ہے کہ حکومت کی طرف سے تاحال اس بحران کو سنجیدگی سے لینے کی بجائے محض وقتی وعدوں اور بیانات پر اکتفا کیا جا رہا ہے۔ یہ کہنا کہ سرکاری ملازمین غیر ضروری مطالبات کر رہے ہیں، حقیقت سے انحراف ہوگا۔ بیشتر مطالبات بنیادی نوعیت کے ہیں۔ مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے، پٹرول، بجلی اور اشیائے خورونوش کی قیمتیں دن بہ دن بڑھ رہی ہیں لیکن ملازمین کی تنخواہیں جمود کا شکار ہیں۔ تنخواہوں میں اضافہ نہ ہونے کے باعث ایک عام استاد یا کلرک اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہے۔ صحت کے شعبے کے ملازمین مناسب سہولیات کے بغیر مریضوں کی خدمت کر رہے ہیں اور اپنی جان خطرے میں ڈال کر بھی مناسب معاوضے سے محروم ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ حکومت ان مسائل کو حل کرنے کے لیے کوئی واضح حکمتِ عملی نہیں بنا رہی۔ محض یہ کہہ دینا کہ ''وسائل نہیں ہیں'' کافی نہیں ہے۔ سوال یہ ہے کہ وسائل کہاں جا رہے ہیں؟ بڑے بڑے پروٹوکلز، وزراء اور مشیروں کے الٹے تلے، سرکاری پروٹوکول اور گاڑیوں کے قافلے، یہ سب کس کھاتے میں ڈالے جائیں؟ کیا ریاست کا مقصد صرف حکمران طبقے کی عیاشیوں کو برقرار رکھنا ہے اور عام ملازمین کو احتجاج پر مجبور کرنا ہے؟ جب سرکاری محکموں کے ملازمین ہڑتال پر چلے جاتے ہیں تو سب سے زیادہ نقصان عوام کو ہوتا ہے۔ ہسپتالوں میں مریض بے یار و مددگار رہ جاتے ہیں، تعلیمی اداروں میں طلباء کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے، دفاتر میں عام لوگوں کے کام لٹک جاتے ہیں، اور انصاف کے ادارے بھی متاثر ہوتے ہیں۔ گویا ایک سرکاری ملازم کے ساتھ ناانصافی دراصل براہِ راست عوام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ حکمران جب اقتدار میں نہیں ہوتے تو انہی ملازمین اور عوام کے مسائل کو لے کر جلسے جلوس کرتے ہیں، وعدے کرتے ہیں کہ سب کچھ بدل دیا جائے گا، لیکن جب اقتدار کی کرسی نصیب ہو جاتی ہے تو وہی مسائل ان کے نزدیک بے معنی ہو جاتے ہیں۔ یہ دوغلا پن عوام کے اعتماد کو بری طرح مجروح کر رہا ہے۔ یہ بحران وقتی اور نمائشی اقدامات سے حل نہیں ہوگا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر ایک جامع پالیسی مرتب کرے جس کے تحت تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ کیا جائے۔ سرکاری محکموں میں اصلاحات لاکر وسائل کے ضیاع کو روکا جائے۔ وزراء اور اعلیٰ افسران کی مراعات میں کٹوتی کرکے وہ رقم ملازمین کی فلاح پر خرچ کی جائے۔ ایک مسلسل ڈائیلاگ کا نظام قائم کیا جائے تاکہ ملازمین کو احتجاج پر مجبور نہ ہونا پڑے۔ سرکاری محکموں میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے تاکہ بدعنوانی کم ہو اور فنڈز حقیقی ضرورت مندوں تک پہنچ سکیں۔ آزاد کشمیر کے ملازمین آج احتجاجی دھرنوں میں بیٹھے ہیں، نعرے لگا رہے ہیں، سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔ یہ محض ان کی محرومیوں کی داستان نہیں بلکہ اس نظام کے زوال کا المیہ ہے جسے عوامی خدمت کے لیے بنایا گیا تھا۔ حکومت اگر اب بھی خوابِ غفلت سے نہ جاگی تو حالات مزید خراب ہوں گے اور عوام و ملازمین کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج کسی بڑے طوفان کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ یہ وقت ہے کہ حکمران اپنی روش بدلیں، عوام کو دھوکے میں رکھنے کی بجائے عملی اقدامات کریں، کیونکہ ریاستیں نعرے بازی اور وعدوں پر نہیں بلکہ انصاف، مساوات اور بنیادی حقوق کی فراہمی پر چلتی ہیں۔

عید میلاد النبیؐ کی محافل سجنے لگیں

بلال بٹ قادری

ہجری سال کے بارہ مہینوں میں ربیع الاول ایک ایسا مہینہ ہے جو دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے خوشیوں، برکتوں اور رحمتوں کا پیغام لے کر آتا ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنی سب سے بڑی نعمت انسانیت کو عطا فرمائی۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت اسی ماہ میں ہوئی، اور یوں تاریک دنیا کو روشنی کا سہارا مل گیا۔

ربیع الاول آتے ہی دنیا بھر کے مسلمان اپنے گھروں، گلیوں، بازاروں اور مساجد کو سجا دیتے ہیں۔ چراغاں ہوتا ہے، محفلیں منعقد ہوتی ہیں، نعتوں کی گونج ہر سو پھیلتی ہے۔ گویا یہ مہینہ صرف ایک تاریخی یادگار نہیں بلکہ ایمان کو تازہ کرنے، محبتِ رسولؐ کے عہد کو دہرانے اور سیرتِ طیبہ کو اپنانے کا موقع ہے۔ ربیع الاول کی آمد کے ساتھ ہی چھوٹے بڑے شہروں میں محافلِ میلاد سجنے لگتی ہیں۔ یہ محافل مسلمانوں کی محبت اور عقیدت کی زندہ مثال ہیں۔ ان محفلوں میں نعت خوانی ہوتی ہے، درود و سلام پڑھا جاتا ہے، اور نبی اکرمؐ کی حیاتِ طیبہ کے روشن پہلو بیان کیے جاتے ہیں۔ یہ محافل دراصل ایک روحانی اجتماع کی صورت اختیار کر لیتی ہیں۔ ایک طرف محفل میں بیٹھنے والا دل کی دنیا کو سکون پاتا ہے اور دوسری طرف یہ پیغام بھی ملتا ہے کہ عشقِ رسولؐ کا تقاضا عملی زندگی میں سیرتِ رسولؐ کو اپنانا ہے۔ ربیع الاول ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ محبتِ رسولؐ کا اصل مطلب محض نعرے لگانا یا محفلوں میں شریک ہونا نہیں بلکہ زندگی کو اسوہ حسنہ کے مطابق ڈھالنا ہے۔ اگر نبی کریمؐ نے سچائی کو بنیاد بنایا تو ہمیں جھوٹ سے اجتناب کرنا ہوگا۔ اگر آپؐ نے عدل قائم کیا تو ہمیں بھی انصاف کا دامن تھامنا ہوگا۔ اگر آپؐ نے صبر اور درگزر کو اپنایا تو ہمیں بھی اپنے غصے اور انا کو قابو میں رکھنا ہوگا۔ محافلِ میلاد کی اصل روح یہ ہے کہ ہم اپنے دلوں اور اعمال کو حضورؐ کے پیغام کے مطابق سنواریں۔

نبی کریمؐ کی زندگی سراسر اخلاق کا پیکر تھی۔ آپؐ نے فرمایا "بیشک مجھے اس لیے بھیجا گیا ہے تاکہ میں اعلیٰ اخلاق کو کامل کردوں۔" ربیع الاول کی محفلیں ہمیں یہ سبق دیتی ہیں کہ ہم اپنے اخلاق کو بہتر کریں۔ جھوٹ، فریب، غیبت، حسد اور کینہ کو دل سے نکالیں۔ سچائی، محبت، عاجزی اور ایثار کو اپنائیں۔ یہی محبتِ رسولؐ کا حقیقی تقاضا ہے۔ محافلِ میلاد کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ یہ محافل مسلمانوں کو سماجی طور پر قریب کر دیتی ہیں۔ ایک محفل میں مختلف طبقوں کے لوگ اکٹھے بیٹھتے ہیں، ساتھ مل کے درود پڑھتے ہیں اور ایک ہی جذبے کے ساتھ نبیؐ کی شان بیان کرتے ہیں۔ یہ اجتماع ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ معاشرتی تقسیم، ذات پات، لسانی اختلافات اور فرقہ واریت کو چھوڑ کر ہمیں ایک اُمت بننا چاہیے۔ ربیع الاول ہمیں یاد دلاتا ہے کہ مسلمان کا اصل تعارف اس کی محبتِ رسولؐ ہے، نہ کہ اس کی برادری یا فرقہ۔ نبی کریمؐ نے تجارت کو امانت اور دیانت کے ساتھ کرنے کی تعلیم دی۔ آپؐ کی عملی زندگی ہمیں بتاتی ہے کہ معاشی انصاف قائم کیے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا۔ ربیع الاول کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے کاروبار کو حلال بنائیں گے، ملاوٹ سے بچیں گے، اور اپنے لین دین میں دیانت داری کو اپنائیں گے۔ یہی نبیؐ کی تعلیمات کا حصہ ہے۔ رسول اکرمؐ نے رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کو ایمان کا حصہ قرار دیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ جو صلہ رحمی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی عمر اور رزق میں برکت عطا فرماتا ہے۔ ربیع الاول کی محافل ہمیں یہ سبق دیتی ہیں کہ رشتوں کو جوڑیں، ٹوٹے دلوں کو سنبھالیں اور محبت کو عام کریں۔ اگر ہم واقعی محبتِ رسولؐ کے دعوے دار ہیں تو ہمیں اپنے دلوں کو نفرت سے پاک اور محبت سے آباد کرنا ہوگا۔ ربیع الاول کے دنوں میں گھروں اور مساجد کو سجانا، چراغاں کرنا اور روشنی پھیلانا ایک عام روایت ہے۔ لیکن اس سے بڑھ کر ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے دلوں کو نورِ ایمان سے منور کریں۔ اگر دل اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہو تو گھروں کی روشنی کا کیا فائدہ؟ اصل چراغ وہ ہے جو باطن کو روشن کردے، اور یہ چراغ تب جلتا ہے جب ہم حضورؐ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہیں۔

ربیع الاول کی آمد مسلمانوں کے لیے خوشیوں کی نوید ہے۔ یہ مہینہ ہمیں عشقِ رسولؐ کا سبق دیتا ہے اور یاد دلاتا ہے کہ محبت محض الفاظ نہیں بلکہ عمل کا تقاضا کرتی ہے

آخر میں یہی کہا جاسکتا ہے کہ ربیع الاول صرف ایک مہینہ نہیں بلکہ ایمان کی تجدید کا موقع ہے۔

سیلاب کی صورتحال اور گوجرانوالہ پولیس کا مثالی کردار

ندیم انور گجر

پنجاب میں دریائے چناب اور دریائے ستلج میں بڑے درجے کے سیلاب نے نہ صرف عوام کو خوف و ہراس میں مبتلا کیا ہے بلکہ زندگیاں اور مال و متاع بھی خطرے میں ہیں۔ ایسے کڑے وقت میں عوام کو سب سے زیادہ ضرورت ریاستی اداروں کی ذمہ دارانہ موجودگی اور عملی اقدامات کی ہوتی ہے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ گوجرانوالہ پولیس نے اس آزمائش کی گھڑی میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح بنا رکھا ہے۔

گوجرانوالہ پولیس کی بروقت کارروائیوں کی بدولت شہریوں کو ترجیحی بنیادوں پر محفوظ مقامات پر منتقل کیا جارہا ہے۔ پولیس افسران اور اہلکار سیلاب زدہ اور ممکنہ متاثرہ علاقوں میں مسلسل گشت پر ہیں تاکہ عوام کو ہر ممکن مدد فراہم کی جاسکے۔

دریائے چناب کے قریبی علاقوں میں پولیس اور ریسکیو ٹیمیں کشتیوں کے ذریعے مسلسل نگرانی اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔ نشیبی علاقوں کے رہائشیوں کو غیر ضروری سفر اور ندی نالوں کے قریب جانے سے گریز کرنے کی ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں تاکہ کسی بڑے حادثے سے بچا جاسکے۔

مزید برآں، پولیس کے زیر انتظام سیلاب زدہ علاقوں میں ایک خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جو چوبیس گھنٹے شہریوں کی رہنمائی اور مدد فراہم کر رہا ہے۔ سول سوسائٹی کے تعاون سے متاثرہ باسیوں کو خوراک بھی پہنچائی جا رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مساجد کے ذریعے بھی لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی اپیل کی جارہی ہے تاکہ کوئی جانی نقصان نہ ہو۔

سی پی او گوجرانوالہ محمد ایاز سلیم نے واضح الفاظ میں کہا ہے کہ مشکل وقت میں عوام کو تحفظ اور ریلیف فراہم کرنا گوجرانوالہ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر پولیس مکمل الرٹ ہے اور شہریوں کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

یقیناً یہ اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر ریاستی ادارے نیک نیتی اور جذبے کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں تو کسی بھی آفت اور کٹھن وقت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ عوامی تعاون اور انتظامیہ کی سنجیدگی ہی وہ فارمولہ ہے جو ہمیں بڑے نقصانات سے بچا سکتا ہے

آمد رسول ﷺ



بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

آج سے تقریباً سوا چودہ سو سال قبل تمام دنیا پر ظلم و جبر اور جہالت کی تاریکی چھائی ہوئی تھی اہل فارس آگ کی پوجا اور ماں کے ساتھ وطی کرنے میں مصروف تھے ترک شب و روز انسانی بستیوں کو تباہ برباد کر رہے تھے بندگان خدا شدید اذیت میں مبتلا تھے اِن کا دین بتوں کی پوجا اور کمزور بے بس انسانوں پر ظلم کرنا تھا۔ ہندوستان کے لوگ بتوں کی پوجا اور خود کو آگ میں جلانے کے سوا کچھ نہیں جانتے تھے نیوگ جیسی انتہائی پست رسم کو جائز سمجھتے تھے یہ عالمگیر ظلمت اِس امر کی متقاضی تھی کہ ایک مسیحا اعظم اور ہادی تمام دنیا کے لیے مبعوث ہو اِس کے لیے خالقِ کائنات نے عرب کی سرزمین کو چنا اس وقت سرزمین عرب تمام برائیوں کی آماجگاہ بنی ہوئی تھی۔ اہل عرب میں ہر طرح کی برائی موجود تھی عرب میں زیادہ تر لوگ خانہ بدوشوں کی زندگی گزارتے تھے ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرتے رہتے جہاں پانی اور سبزہ نظر آتا وہیں ڈیرہ جما لیتے چارہ ختم ہوتا تو خیمے سمیٹ کر آگے چل دیتے تھے یہی وہ بنیادی وجہ بھی کہ منظم شہر اور دیہات بہت کم تھے لوگوں کا آپس میں میل جول نہ ہونے کے برابر تھا اور نہ ہی کوئی با قاعدہ مضبوط حکومت تھی۔ اِن حالات میں طاقت ور کا راج تھا مظلوم کی دادرسی کرنے والا کوئی نہ تھا طاقت ور اپنی طاقت کے زور پر اپنی مرضی کرتا اور کمزور طبقہ طاقتور لوگوں کی غلامی پر مجبور تھا۔ زیادہ تر قبائلی سسٹم تھا ہر قبیلے کا ایک سردار ہوتا چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑا شروع ہوتا جو برسوں تک چلتا لڑائیوں (جاری ہے)

سیلابوں کی تباہی سے بچنے کیلئے نئے ڈیم تعمیر کیے جائیں

فرخ ریاض بٹ

پاکستان کا بڑا حصہ سیلابی پانی میں ڈوبا ہوا ہے۔ جس کے سبب پاکستانی قوم ایسی آزمائش سے دوچار ہے جو قدرتی اسباب کیساتھ ساتھ انسانی کوتاہیوں، من مانیوں اور ذاتی مفاد کو اجتماعی مفاد پر قربان کرنے کی مذموم روش کا نتیجہ ہے۔ غیر محفوظ توانائی کے استعمال، جنگلات کے خاتمے جیسی کارروائیوں کے نتیجے میں کرہ ارض کے درجہ حرارت کے بڑھنے اور اس کی وجہ سے گلیشیروں کے پگھلنے کے تباہ کن اثرات سے ماہرین کئی دہائیوں سے خبردار کرتے چلے آرہے ہیں لیکن ترقی یافتہ ملکوں نے ماحول دوست توانائی کو خاطر خواہ پیمانے پر اپنا کر بتائے گئے خطرات سے دنیا کو بچانے کیلئے اپنا فرض ادا نہیں کیا جس کا خمیازہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملکوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ تاہم ماحولیاتی چینج کی شدت دوسرے متاثرہ ملکوں کے مقابلے میں پاکستان میں سب سے زیادہ اسلئے ہے کہ ہم نے خود بھی اپنے پیروں پر آپ کلہاڑی مارنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ پانی ذخیرہ کرنے کیلئے ضرورت کے مطابق بڑے چھوٹے ڈیموں کی تعمیر پر کسی دور حکومت میں توجہ نہیں دی گئی، باتیں ہوئیں مگر عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر رہے، جنگلات کی کٹائی کے مجرمانہ کاروبار کو روکنے کے بجائے چشم پوشی برتی جاتی رہی، عدالتی احکامات کے باوجود یہ سلسلہ کبھی بند نہیں ہوا۔ آبی گزرگاہوں پر تعمیرات، درختوں کا صفایا کرکے پوش رہائشی اسکیموں کا لامتناہی سلسلہ، پورے ملک میں یہ سرگرمیاں کسی روک ٹوک کے بغیر جاری چلی آرہی ہیں اور اس کی وجہ ایسے بااثر، طاقتور عناصر کی دولت کی ہوس ہے جن کے خزانوں میں پہلے ہی کوئی کمی نہیں۔ آج پاکستان جس تباہ کن سیلاب سے دوچار ہے، بلاشبہ اس میں قدرتی اسباب کا بڑا حصہ ہے لیکن اگر ہم نے اپنے حصے کا کام کرلیا ہوتا تو اس کی شدت اور تباہ کاری یقیناً بہت کم ہوتی۔ ڈیم صرف سیلابوں سے بچاؤ کا ذریعہ نہیں بلکہ وہ ملک کی آبی ضروریات کو پورا کرنے، زرعی پیداوار بڑھانے اور سستی بجلی پیدا کرنے کیلئے بھی ناگزیر ہیں۔ پاکستان میں

لیڈز: انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان ہیڈ نگلے میں پہلے میٹرو بینک ون ڈے انٹرنیشنل سے قبل انگلینڈ کے کپتان ہیری بروک جنوبی افریقہ کے کپتان ٹیمبا باوما کے ساتھ سکہ اچھال رہے ہیں

راشد خان ٹی20 میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر بن گئے

دبئی (این این آئی) افغانستان ٹیم کے کپتان اور اسپنر بولر راشد خان ٹی20 کرکٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر بن گئے ہیں۔ سہ ملکی سیریز کے تیسرے میچ میں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے خلاف راشد خان نے 21 رنز کے عوض 3 وکٹیں لیں اور عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ 26 سالہ راشد خان ٹی20 کرکٹ میں 165 وکٹیں لینے والے پہلے بولر بن گئے ہیں، انہوں نے اسی میچ کے دوران پہلے ٹم ساو? تھی کا ریکارڈ برابر کیا اور پھر اُن پر سبقت لے گئے۔ نیوزی لینڈ کے 36 سالہ بولر ٹم ساو? تھی نے 164 وکٹیں 126 میچز میں حاصل کی تھیں جبکہ راشد خان نے یہ کارنامہ صرف 98 میچز میں اپنے نام کیا ہے۔ یو اے ای کے خلاف راشد خان نے 21 رنز کے عوض 3 وکٹیں لیں اور عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا

سڈنی: جائنٹس کے اسٹیفن کوٹیگلیو جائنٹس ہیڈ کوارٹر میں Giants AFLGWS ٹریننگ سیشن کے دوران گود میں دوڑ رہے ہیں

مچل اسٹارک کا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

ٹیسٹ کرکٹ میری ہمیشہ سب سے زیادہ ترجیح رہی ہے، ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ایک ایک لمحہ سے لطف اندوز ہوا، بیان

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق مچل اسٹارک نے ٹیسٹ اور ون ڈے پر فوکس کے لیے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کیا ہے۔ مچل اسٹارک نے 65 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 79 وکٹیں حاصل کیں۔ اپنے بیان میں مچل اسٹارک نے کہا کہ ٹیسٹ کرکٹ میری ہمیشہ سب سے زیادہ ترجیح رہی ہے، ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ایک ایک لمحہ سے لطف اندوز ہوا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا ٹیسٹ ٹور، ایشیز اور ون ڈے ورلڈ کپ 2027 میں تازہ دم اور فٹ رہ کر بہترین پرفارمنس کا منتظر ہوں۔ کرکٹ آسٹریلیا نے مچل اسٹارک کی غیر موجودگی میں نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ پیٹ کمنز مینجمنٹ پلان کے تحت سیریز کا حصہ نہیں ہیں۔ کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ پیٹ کمنز کو کمر کے نچلے حصے میں تکلیف ہے جس کی تشخیص جاری ہے، پیٹ کمنز کو بھارت کے خلاف محدود اوورز کی سیریز میں بھی زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مچل مارش ٹیم کی قیادت کریں گے۔ دورہ نیوزی لینڈ میں آسٹریلیا کی ٹیم تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کھیلے گی، ٹی ٹوئنٹی میچز یکم، 3 اور 4 اکتوبر کو کھیلے جائیں گے۔ ٹیسٹ کرکٹ میری ہمیشہ سب سے زیادہ ترجیح رہی ہے، ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ایک ایک لمحہ سے لطف اندوز ہوا

1999 ورلڈ کپ فائنل میں ٹاس جیت کر کیا کرنا تھا؟ وسیم اکرم نے بتا دیا

وہ میچ میرے لیے سب سے بری یاد ہے، کیونکہ وہ یکطرفہ میچ تھا اگر سنسنی خیز میچ ہوتا اور ہم قریب جا کر ہارتے تو اتنا افسوس نہ ہوتا' گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق کپتان اور سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم نے 1999 ورلڈ کپ فائنل میں پہلے بیٹنگ کرنے کی وجہ بتا دی۔ سابق کپتان وسیم اکرم نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے مزاحیہ شو میں شرکت کی اور اپنے بچپن اور کرکٹ کیریئر سے متعلق اظہار خیال کیا۔ وسیم اکرم کا کہنا تھا کہ ہمارے دور میں ٹیم کی طاقت ہماری بولنگ تھی، ورلڈ کپ میں بھی ہماری طاقت ہماری بولنگ تھی، میں خود اور وقار یونس، شعیب اختر، ثقلین مشتاق اور اظہر اور عبدالرزاق جیسے آل راؤنڈر تھے، ہمارے پاس بولنگ میں بہت آپشن تھے۔ انہوں نے کہا کہ 99 ورلڈ کپ کے راؤنڈ میچز میں ہم ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کر رہے تھے اور تمام میچز جیت بھی کر رہے تھے تو فائنل میں بھی یہی فیصلہ تھا کہ پہلے بیٹنگ ہی کریں گے اور 200 رنز بھی کر لیے تو آسٹریلیا کو قابو کر لیں گے۔ سابق کپتان نے بتایا کہ جو لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ اچانک بیٹنگ کا فیصلہ کیا جبکہ فیلڈنگ کرنا تھی انہیں اب 25 سال بعد یاد آیا ہے۔ وسیم اکرم کا مزید کہنا تھا کہ وہ میچ میرے لیے سب سے بری یاد ہے، کیونکہ وہ یکطرفہ میچ تھا اگر سنسنی خیز میچ ہوتا اور ہم قریب جا کر ہارتے تو اتنا افسوس نہیں ہوتا لیکن ایسا نہیں ہوسکا۔ خیال رہے کہ 1999 کے ورلڈ کپ فائنل میں پاکستان کی پوری ٹیم آسٹریلیا کے خلاف 132 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی جو کہ ورلڈ کپ فائنل میں کسی بھی ٹیم کا سب سے کم اسکور ہے۔ آسٹریلیا نے 133 رنز کا ہدف 21 ویں اوور میں 2 وکٹ کے نقصان پر پورا کرلیا تھا۔

سہ ملکی سیریز' افغانستان نے یو اے ای کو 38 رنز سے شکست دیدی

افغانستان نے 4 وکٹ پر 188 رنز اسکور کر کے میزبان ٹیم کو 189 رنز کا ہدف دیا' یو اے ای 20 اوورز میں 8 وکٹ پر 150 رنز محدود

شارجہ (این این آئی) سہ ملکی سیریز کے تیسرے ٹی20 میچ میں افغانستان نے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کو 38 رنز سے ہرا دیا اور پہلی کامیابی حاصل کرلی۔ شارجہ میں کھیلے گئے میچ میں یو اے ای نے افغانستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا تو افغانستان کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹ پر 188 رنز اسکور کر کے میزبان ٹیم کو 189 رنز کا ہدف دیا۔ جواب میں یو اے ای ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹ پر 150 رنز محدود رہی، یوں افغان ٹیم نے میچ 38 رنز سے اپنے نام کرلیا۔ یو اے ای ٹیم کے کپتان محمد وسیم 67 بنا کر پویلین لوٹے جبکہ راہول چوپڑا نے 52 رنز کے ساتھ ناقابل شکست رہے لیکن دونوں ہی ٹیم کو کامیابی سے ہمکنار نہ کرواسکے۔ میچ میں افغان ٹیم کے کپتان راشد خان نے صرف 21 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں اور ساتھ ہی ٹی20 کرکٹ میں زیادہ وکٹیں لینے کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ اُن کے ساتھ شرف الدین اشرف نے بھی 3 وکٹیں حاصل کیں اور انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اس سے قبل افغان ٹیم ابراہیم زادران نے 63 اور صدیق اللہ اتل نے 54 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ کریم جنت 23 رنز کے ساتھ ناقابل شکست رہے۔ یو اے ای کے محمد روہید اور صغیر خان نے 2، 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ افغانستان اور یو اے ای کی ٹیموں کو سیریز کے دوران اپنے پہلے میچز میں پاکستان سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

سی پی ایل' پولارڈ کی دھواں دار بیٹنگ، 8 گیندوں پر 7 چھکے جڑ دیے

پولارڈ نے 15 ویں اوور کی آخری 4 گیندوں پر 3 چھکے مارے' اگلے اوور کی آخری 4 گیندوں پر بھی 4 چھکے جڑ دیے

پورٹ آف سپین (این این آئی) کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) 2025 میں ویسٹ انڈیز کے سابق آل راؤنڈر کیرون پولارڈ نے دھواں دار بیٹنگ کرتے ہوئے بولرز کا بھرکس نکال دیا۔ کیریبین پریمیئر لیگ میں ٹرنبا گوناٹ رائیڈرز اور گئس اینڈ نیوس پیٹریوٹس کے درمیان میچ تھا، پیٹریوٹس کی دعوت پر ناٹ رائیڈرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 179 رنز بنائے۔ ناٹ رائیڈرز کی جانب سے کیرون پولارڈ نے برق رفتار اننگز کھیلی، انہوں نے 29 گیندوں پر 65 رنز بنائے جس میں 8 چھکے اور 2 چوکے شامل تھے۔ پولارڈ کی اننگز کی خاص بات یہ تھی کہ انہوں نے اننگز کے دوران ایک موقع پر 8 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 7 چھکے لگائے۔ 38 سالہ پولارڈ نے ناٹ رائیڈرز کی اننگز کے 15 ویں۔

منیپولس: مینیسوٹا لنکس کے اراکین ستمبر کو ٹارگٹ سینٹر میں کھیل کے بعد ڈلاس ونگز کے خلاف جیت کا جشن منا رہے ہیں

الجزائر کی باکسر نے جینڈر ٹیسٹ کے فیصلے کیخلاف اپیل کردی

ہیگ (این این آئی) الجزائر کی باکسر ایمان خلیف نے لازمی جینڈر ٹیسٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل کردی۔ کھیلوں کی عالمی ثالث عدالت نے ایمان خلیف کے جانب سے اپیل موصول ہونے کی تصدیق کی ہے۔ الجزائر کی باکسر نے ورلڈ باکسنگ کی جانب سے جینڈر ٹیسٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل کی ہے۔ ورلڈ باکسنگ نے ایمان خلیف کی انٹرنیشنل مقابلوں میں بطور خاتون شرکت جینڈر ٹیسٹ سے مشروط کی ہے۔ باکسر نے اپیل میں بنا جینڈر ٹیسٹ بطور خاتون باکسر شرکت کی اجازت کی استدعا کی ہے۔ عالمی ثالث عدالت نے اپیل پر فیصلے تک ورلڈ باکسنگ کے اعلان پر عمل درآمد روکنے کی استدا کو مسترد کیا ہے۔ معاملے پر دونوں فریقین کے تحریری بیانات کے بعد باضابطہ سماعت کا آغاز کیا جائے گا۔

لاس اینجلس: اینجل سٹی ایف سی کی ماکا رانیہیوز 12# اپنی ٹیم کے ساتھ BMO اسٹیڈیم میں اپنے گول کا جشن منا رہی ہیں

نیشنل/انٹرنیشنل

NATIONAL/INTERNATIONAL

بیونا وسٹا: ورجینیا ڈیموکریٹک گورنری کے امیدوار، سابق نمائندہ ابیگیل اسپنبر گر، 54 ویں سالانہ بیونا وسٹا لیبر ڈے فیسٹیول پریڈ میں مارچ کرتے ہوئے لوگوں کو خوش آمدید کہہ رہی ہیں

بیلجیئم کا اقوام متحدہ میں فلسطینی ریاست تسلیم کرنے کا اعلان

برسلز (این این آئی) بیلجیئم نے اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی اجلاس میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا بیان بیلجیئم کے وزیر خارجہ نے سوشل میڈیا پر جاری کیا۔ دوسری جانب برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی نے بھی کہا ہے کہ اگر غزہ میں جنگ بندی پر کوئی پیش رفت نہ ہوئی تو برطانیہ رواں ماہ ہونے والے اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی اجلاس میں فلسطینی ریاست کو باضابطہ طور پر تسلیم کرنے کا اعلان کرے گا۔ غزہ کی صورتحال بہتر بنانے کا واحد حل فوری اور بلا مشروط جنگ بندی ہے۔ ڈیوڈ لیمی نے اسرائیل سے غزہ میں فوجی کارروائیوں میں اضافہ بھی فوری روکنے کا مطالبہ کر دیا۔

میکسیکو سٹی: میکسیکو کی صدر، کلاڈیا شین بام، پالاسیو نا سیونال میں اپنے دور حکومت کی پہلی اسٹیٹ آف دی یونین رپورٹ کے دوران خطاب کر رہی ہیں

مشہور انفلوئنسر شوہر اور بچوں سمیت قتل، پلاسٹک میں لپٹی لاشیں گاڑی سے برآمد

غالب امکان ہے کہ خاندان کو وہیں قتل کر کے لاشیں دوسری جگہ منتقل کی گئیں، پراسیکوٹر

میکسیکو سٹی (این این آئی) مشہور میکسیکن ٹک ٹاک انفلوئنسر ایسمیر الڈا فیرر گاریہے، ان کے شوہر اور 2 بچوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ پلاسٹک میں لپٹی چاروں افراد کی لاشیں گواڈالاہارا کے علاقے سان آندریس میں ایک گاڑی سے برآمد ہوئیں۔ پراسیکیوٹر الفونسو گیریس سنتیان نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ لاشوں کی شناخت 32 سالہ ایسمیر الڈا، ان کے 36 سالہ شوہر روبرتو کارلوس گل لیسیا، 13 سالہ بیٹے گیل سانتیاگو اور 7 سالہ بیٹی ریجینا کے طور پر کی گئی۔ پولیس نے قریبی مکینک شاپ کے 3 ملازمین کو شک کی بنیاد پر حراست میں لیا، لیکن ثبوت نہ ملنے پر انہیں جلد رہا کر دیا گیا۔ حیران کن طور پر یہ افراد پراسیکیوٹر آفس سے باہر نکلنے کے چند ہی منٹ بعد نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا کر لیے گئے۔ مزید تحقیقات کے دوران پولیس کو قریبی آٹو ریپئر شاپ سے خون کے دھبے، گولیوں کے خول اور دیگر شواہد ملے ہیں، حکام کا کہنا تھا کہ غالب امکان ہے کہ خاندان کو وہیں قتل کر کے لاشیں دوسری جگہ منتقل کی گئیں۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق ایسمیر الڈا کے شوہر کو اصل ہدف سمجھا جا رہا ہے، تاہم ایسمیر الڈا خود بھی سوشل میڈیا پر اپنی پرتعیش زندگی کے باعث کافی نمایاں تھیں۔ وہ اکثر ڈیزائنر برانڈز (ڈیور، گوچی، لوئی وٹون)، مہنگی گاڑیوں، کاسمیٹک سرجریز اور غیر ملکی دوروں کی ویڈیوز اپنے 44 ہزار فالوورز کے ساتھ شیئر کرتی تھیں۔ مقامی حکام نے کہا ہے کہ معاملے کی تحقیقات جاری ہیں

روس پر یورپی یونین کی سربراہ کے طیارے کا جی پی ایس سسٹم جام کرنے کا الزام

طیارے کو جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے لینڈنگ میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا، برطانوی میڈیا

برسلز (این این آئی) یورپی کمیشن کی صدر ارسلا وان ڈیر لائن کے طیارے کو بلغاریہ میں جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے لینڈنگ میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق 31 اگست کو ارسلا وان ڈیر لائن کے طیارے کو جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے لینڈنگ میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا اور طیارہ تقریباً 1 گھنٹے تک بلغاریہ کے شہر پلیو ڈیو کے ایئرپورٹ پر چکر لگاتا رہا۔ رپورٹ میں یورپی کمیشن کی ترجمان آریانا پوڈیسٹا کا حوالہ دیتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی گئی کہ طیارے کو لینڈنگ میں دشواری کا سامنا جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے کرنا پڑا لیکن طیارہ باحفاظت ایئرپورٹ پر لینڈ ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق جہاز کے پائلٹ نے جی پی ایس سسٹم جام ہونے کے بعد نیویگیشن اور محفوظ لینڈنگ کے لیے الیکٹرانک سسٹم کے بجائے کاغذی نقشے استعمال کیے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ بلغاریہ کے حکام نے یورپی کمیشن کی صدر کے طیارے کا جی پی ایس سسٹم جام کرنے کا الزام روس پر لگایا ہے۔ واضح رہے کہ جب سے روس اور یوکرین کے درمیان تنازع شروع ہوا ہے تب سے یورپی اتحادی روس پر اکثر ہی جی پی ایس جیمنگ کے ذریعے بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں کو نشانہ بنانے کا الزام عائد کرتے رہتے ہیں۔ طیارے کو جی پی ایس سسٹم جام ہونے کی وجہ سے لینڈنگ میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا، برطانوی میڈیا

برطانیہ کی ملکہ کمیلا کو نوجوانی میں جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کا انکشاف

کمیلا نے حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوتا اتار کر اس شخص کو دے مارا، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ کی ملکہ کمیلا کو نوجوانی میں ایک ٹرین کے سفر کے دوران جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ انکشاف معروف صحافی ویلفائن لو کی آنے والی کتاب پاور اینڈ دی پیلس: دی اِن سائیڈ اسٹوری آف دی مونارکی اینڈ 10 ڈاؤننگ اسٹریٹ میں کیا گیا ہے۔ یہ کتاب 11 ستمبر 2025 کو شائع ہوگی۔ کتاب میں دعویٰ کیا گیا کہ کمیلا جو اس وقت 16 یا 17 برس کی تھیں، پیڈنگٹن جانے والی ٹرین میں سفر کر رہی تھیں جب ایک شخص نے انہیں ہراساں کرنا شروع کیا، کمیلا نے اپنی والدہ کی نصیحت یاد رکھی اور حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوتا اتار کر اس شخص کو دے مارا، اسٹیشن پہنچتے ہی انہوں نے اہلکار کو شکایت درج کروائی اور حملہ آور کو گرفتار کر لیا گیا۔ کتاب میں بتایا گیا کہ یہ واقعہ ماضی میں اس وقت منظر عام پر آیا جب کمیلا ڈچس آف کارن وال تھیں۔۔ یہ ملاقات جانسن کے لندن میں ریپ کرائسس سینٹرز کے قیام پر دورے کے دوران ہوئی تھی کمیلا نے بعد ازاں ایسے مراکز کے قیام میں بھی اہم کردار ادا کیا۔

غزہ روریرا کا منصوبہ نسل کشی کے بعد پاگل پن قرار دے دیا گیا

منصوبہ غزہ روریرا انسانی نسل کشی کا معاملہ سامنے آنے کے بعد روک دیا گیا، امریکی میڈیا

غزہ (این این آئی) غزہ کی آبادی کو نسل کشی کے ذریعے ہٹانے کی وجہ سے غزہ روریرا منصوبے کو پاگل پن قرار دے دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بظاہر بہت خوشنما اور جدید تصور کیا جانے والا منصوبہ غزہ روریرا انسانی نسل کشی کا معاملہ سامنے آنے کے بعد روک دیا گیا ہے۔ امریکی اخبار نے ایک پروسپیکٹس شائع کیا جس میں غزہ کے 2 ملین آبادی کو کم از کم 10 سال کے لیے جبری طور پر بیوٹن کر کے علاقے کو امریکی عمل داری میں دینا تھا۔ اس منصوبے کو غزہ کی تعمیر نو، معاشی ترقی اور بحالی ٹرسٹ کا نام دیا گیا تھا، اس منصوبے کی تجویز مبینہ طور پر اسرائیلیوں کی جانب سے آئی تھی جنہوں نے بوسٹن کنسلٹنگ گروپ کے تعاون سے مالی منصوبہ بندی کے ساتھ امریکی اور اسرائیلی تعاون سے غزہ ہیومینیٹرین فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی، جسے بعد میں فعال کر دیا گیا۔ اس 38 صفحات پر مشتمل منصوبے کا راز سامنے آنے پر سوئٹزرلینڈ میں انسانی حقوق گروپ ٹرائل انٹرنیشنل کی ایگزیکٹیو ڈائیریکٹر فلپ گرانٹ نے اس بڑے منصوبے کو وسیع پیمانے پر انسانوں کے ملک بدری کے منصوبے سے تعبیر کیا، انہوں نے مزید کہا کہ یہ عالمی جرائم میں وسیع پیمانے پر عوامی جبری منتقلی، ڈیموگرافک انجینئرنگ اور اجتماعی سزا کا معاملہ ہے، جس کو مارکٹنگ کی ترقی کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ یہ واضح نہیں کہ یہ منصوبہ امریکی پالیسی کا حصہ ہے یا نہیں، اس حوالے سے واشنگٹن پوسٹ نے امریکی اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ اور وائٹ ہاس سے رائے دینے کی درخواست کی جس کا جواب موصول نہیں ہوا۔ تاہم یہ غزہ روریرا کے پروسپیکٹس امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پہلے سے واضح کی گئی پالیسی غزہ کی صفائی دوبارہ بحالی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے۔

ایڈنبرگ: فرسٹ منسٹر جان سوینی (سی) اور ٹرانسپورٹ سکریٹری فیونا ہائسلوپ (2nd R) ScotRail کے مینیجنگ ڈائریکٹر Joanne Maguire (2nd L) اور ScotRail کے اپرنٹس کے ساتھ Edinburgh Waverley اسٹیشن کے دورے کے دوران تصویر کھنچواتے ہوئے

غزہ میں قحط انسان کا بنایا ہوا ہے، برطانوی وزیر خارجہ

لندن (این این آئی) برطانیہ نے غزہ میں قحط کو انسان کا بنایا ہوا قحط قرار دے دیا، غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ بھی کر دیا۔ برطانوی پارلیمنٹ سے خطاب میں برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی کا کہنا تھا کہ غزہ میں جاری قحط قدرتی نہیں، یہ اکیسویں صدی میں انسان کا بنایا ہوا قحط ہے۔ غزہ میں ہر گزرتا روز مزید تباہیاں لا رہا ہے، خوراک کی کمی سے غزہ کے پانچ سال سے کم عمر 1 لاکھ 32 ہزار سے زائد بچوں کو جان کا خطرہ ہے۔ اسرائیلی حکومت غزہ میں ضروری امداد کی فراہمی سے مستقل انکاری ہے، غزہ میں مزید لوگوں کو مرنے سے بچانے کے لیے ہمیں فوراً بڑے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ غزہ کی صورتحال بہتر بنانے کا واحد حل فوری اور بلا مشروط جنگ بندی ہے۔

بیجنگ: چین کے صدر شی جن پنگ (تصویر میں نہیں) چین کے شہر بیجنگ میں 2 ستمبر 2025 کو گریٹ ہال آف دی پیپل میں دورہ کرنے والے روسی صدر ولادیمیر پوٹن کے ساتھ بات چیت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں عشرہ رحمت للعالمین ﷺ کے تحت سیرت النبی ﷺ کانفرنس اور مختلف مقابلوں کا انعقاد

سیرت طیبہ عصر حاضر میں ہمیں رہنمائی فراہم کرتی ہے اور نوجوانوں کو خصوصاً سوشل میڈیا کے مثبت وتعمیری استعمال کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں عشرہ رحمت للعالمین ﷺ کی تقریبات کے سلسلے میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد کی گئی، جس میں طلبہ، اساتذہ اور معزز مہمانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مہمان مقرر پروفیسر ڈاکٹر فیروز الدین شاہ، یونیورسٹی آف سرگودھا، نے ''سوشل میڈیا کے مفید استعمال کی تعلیم وتربیت میں ریاستی ذمہ داریاں، سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں'' کے موضوع پر تفصیلی خطاب کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ سیرت طیبہ عصر حاضر میں ہمیں رہنمائی فراہم کرتی ہے اور نوجوانوں کو خصوصاً سوشل میڈیا کے مثبت وتعمیری استعمال کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر دوسرے مہمان مقرر، ڈاکٹر محمد سمیع اللہ فراز، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف اسلامک تھاٹ اینڈ سویلائزیشن، یو ایم ٹی، نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے سیرت النبی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے طلبہ کو عصر حاضر کے مسائل کے حل کے لیے اسلامی تعلیمات کو اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ عشرہ رحمت للعالمین ﷺ کی تقریبات میں طلبہ نے مختلف مقابلوں میں بھی بھرپور شرکت کی، جن میں مقابلہ تلاوت قرآن، مقابلہ نعت رسول ﷺ، سیرت النبی ﷺ پر تقریری مقابلہ، سیرت النبی ﷺ پر کوئز، اور سیرت النبی ﷺ پر مضمون نویسی شامل تھے۔ طلبہ نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے قرآنی آیات، نعتیہ کلام، تقاریر، علمی مضامین اور سوال و جواب کے ذریعے حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ کو اجاگر کیا۔ کانفرنس کے اختتام پر مقررین نے کہا کہ اس طرح کی علمی وفکری سرگرمیاں نہ صرف طلبہ کو سیرت النبی ﷺ سے قریب کرتی ہیں بلکہ انہیں جدید تقاضوں کے مطابق اپنی زندگی ڈھالنے کی ترغیب بھی فراہم کرتی ہیں۔ یہ کانفرنس اور تقریبات ڈائریکٹر پریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز کے زیر اہتمام منعقد کی گئیں۔

اللہ والے ٹرسٹ اور تعبیر فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سرگرمیاں

سیلاب سے متاثرہ درجنوں دیہات کے ہزاروں افراد میں روزانہ کی بنیاد پر کھانا اور چارہ تقسیم کیا جارہا ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) اللہ والے ٹرسٹ اور تعبیر فاؤنڈیشن کی جانب سے نارنگ منڈی میں سیلاب سے متاثرہ درجنوں دیہات کے ہزاروں افراد میں روزانہ کی بنیاد پر کھانا اور چارہ تقسیم کیا جارہا ہے متاثرین کیلئے صبح کا ناشتہ دوپہر اور رات کا کھانا شامل جبکہ مویشیوں کیلئے چارے اور ادویات شامل ہیں دریائے راوی کے پار پھنسے افراد کیلئے کشتی کے ذریعے کھانا اور چارہ فراہم کیا گیا اس موقع پر سماجی شخصیت و ڈی جی پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن ڈاکٹر شاہد سرویا اور چیئرمین اللہ والے ٹرسٹ شاہد لون نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب نے ہر طرف تباہی مچادی ہے خصوصاً کسانوں اور زمینداروں کیلئے شدید مشکل گھڑی ہے جانور کئی دن بھوکے پیاسے رہے مخیر حضرات کے تعاون سے سیلاب متاثرین کو تین وقت کھانا فراہم کیا جارہا ہے یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا زرعی رقبہ زیر آب آنے کی وجہ سے جانوروں کا چارہ بھی ضائع ہوچکا ہے مویشیوں کیلئے چارے کی شدید قلت پیدا ہوگئی ان کیلئے سائلیج ادویات اور خشک چارہ فراہم کردیا گیا ہے مصیبت کی اس گھڑی میں تعبیر فاؤنڈیشن اور اللہ والے ٹرسٹ دکھی بہن بھائیوں کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حضور ﷺ کی ذات اخلاق عالیہ کا پیکر اتم تھی: پیر قاری محمد عاشق نعیمی

تیصل آباد (میاں محمد ساہد) جامع مسجد البرھان شہباز ٹاؤن میں محفل میلاد مصطفے سے سفیر تصوف اولاد امام حسین السید الشیخ محمد لطیف الصوفی البرزنجی قادری (عراق)، پیر قاری محمد عاشق نعیمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ حضور کی ذات اخلاق عالیہ کا پیکر اتم تھی جس کی نظیر پورے عالم میں نہیں مل سکتی کہ اسلام دین امن وسلامتی ہے امن کی بحالی کیلئے ضروری ہے کہ آقا کی ذات سے تعلق کو پختہ کیا جائے نبی آخر الزماں پوری انسانیت کیلئے امن اور رحمت کا پیغام بن کر آئے اور انہوں نے ہمیشہ مظلوم، غریب اور یتیم کے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھا انہوں نے مزید کہا انسانی زندگی کا بنیادی مقصد قرب الٰہی کا حصول ہے اور یہی حقیقی کامیابی کا ضامن ہے ہم ہر شے کو مادیت کے پیمانے پر تولتے ہیں اور روحانی اقدار کو فراموش کرچکے ہیں جس کے باعث روحانی شعور ماند پڑ چکا ہے مادیت پرستی نے ہماری زندگیوں سے عبادات، اخلاقیات اور شرم وحیا کی اہمیت کو ختم کردیا ہے انھوں نے سورالنجم کی آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو نیک لوگوں کی معیت اختیار کرنے کا حکم دیا ہے انہوں نے کہا کہ اللہ کے نیک بندے اپنی زندگی کو اللہ کی رضا کے لیے وقف کردیتے ہیں ان کی صحبت ایمان کی روشنی پیدا کرتی ہے اور انسان کے دل کو اللہ کی طرف رجوع کرنے کا شعور دیتی ہے ''تصوف روح اسلام ہے اور اسے اسلام سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔ تصوف کو اسلام سے علیحدہ کرنا ایسے ہی ہے جیسے روح کو جسم سے الگ کردینا جس طرح تمام مذاہب میں اسلام کو برتری حاصل ہے، اسی طرح اسلامی تصوف روحانی بلندیوں کی جانب رہنمائی کرنے والا سب سے شاہراہ ذریعہ ہے محفل سے قاری برھان نعیمی، وسیم شامی، شیخ نفیس، حافظ محمد ریحان، حافظ رضوان نعیمی، سید رضوان، صوفی محمد خاور، قاری فرحان نے بھی خطاب کیا۔

جشن عید میلاد النبی ﷺ کو شایان شان طریقے سے منانے کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر آفس میں میلاد کمیٹی اور امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) جشن عید میلاد النبی ﷺ کو شایان شان طریقے سے منانے کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر آفس میں میلاد کمیٹی اور امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اسسٹنٹ کمشنر سعدیہ جعفر کی زیر صدارت اجلاس میں ڈی ایس پی ڈسکہ خالد اسلم، میلاد کمیٹی اور امن کمیٹی کے معزز اراکین، صدر پی پی 51 محمد عظیم بٹ، سٹی صدر مسلم لیگ ن محمد افضل منشاء، صدر مرکزی انجمن تاجران میاں محمد اشرف سمیت ٹریفک پولیس، واپڈا، صحافیوں اور دیگر سینئر رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی اجلاس میں عید میلاد النبی ﷺ کی تقاریب کو مؤثر اور بہترین انداز میں منعقد کرنے کے سلسلے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈی ایس پی ڈسکہ خالد اسلم نے کہا کہ میلاد النبی ﷺ کے پروگرامز کے انعقاد پر فول پروف سیکیورٹی مہیا کی جائے گی اور جلوسوں کے روٹس کی جدید ٹیکنالوجی سے نگرانی کی جائے گی شرکاء نے مختلف تجاویز پیش کیں اسسٹنٹ کمشنر سعدیہ جعفر نے کہا کہ میلاد النبی ﷺ کے پروگرامز کے انعقاد پر عوام کی بھرپور شمولیت کو یقینی بنایا جائے گا اور تمام تقاریب کو مثالی اور احسن انداز میں منعقد کرنے کے لیے انتظامات جاری ہیں اختتام پر دعا کی گئی

جہلم حالیہ سیلاب کی وجہ سے درجنوں فش اور پولٹری فارمز بھی بری طرح متاثر ہوئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم حالیہ سیلاب کی وجہ سے درجنوں فش اور پولٹری فارمز بھی بری طرح متاثر ہوئے ہیں، مچھلیوں اور مرغیوں کی بڑی تعداد ضائع ہو جانے سے فارمرز کو لاکھوں، کروڑوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑا ہے جبکہ آنے والے سیزن میں مچھلی کی قیمت بڑھنے کا خدشہ بھی ظاہر کیا جارہا ہے تاجروں کے مطابق اس بڑے پیمانے کے نقصان سے مارکیٹ میں مچھلی اور پولٹری کی سپلائی موسم سرما میں کم ہوسکتی ہے جس کے نتیجے میں آئندہ دنوں میں مچھلی اور مرغی کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ تاجروں کے مطابق فش فارمز موسم سرما کی آمد کے پیش نظر مقامی مارکیٹوں میں خریداروں سے معاملات طے کر رہے تھے لیکن حالیہ سیلاب نے سب کچھ تباہ کردیا۔ درجنوں فش فارمز کی مچھلی سیلابی ریلوں میں بہہ گئی ہے جس سے فارمرز کو کروڑوں روپے نقصان کا ہوا ہے۔

لیسکو تحصیل مرید کے سرکل میں بجلی چوری اور کرپشن کا ایک نیا اور ہولناک باب کھل گیا

درجنوں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں زرعی اراضی کے نام پر لگائے گئے ٹرانسفارمرز کے ذریعے بجلی چوری کا کاروبار جاری

مرید کے (تحصیل رپورٹر) لیسکو تحصیل مرید کے سرکل میں بجلی چوری اور کرپشن کا ایک نیا اور ہولناک باب کھل گیا درجنوں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں زرعی اراضی کے نام پر لگائے گئے ٹرانسفارمرز کے ذریعے بجلی چوری کا کاروبار جاری باوثوق ذرائع کے مطابق مرید کے میں غیر قانونی رہائشی سوسائٹیوں میں نہ صرف بغیر این او سی کے ٹرانسفارمر نصب کیے گئے، بلکہ ان سے آگے سینکڑوں گھروں کو سب میٹرز کے ذریعے بجلی فراہم کی جارہی ہے، وہ بھی سرکاری نرخوں سے کئی گنا زیادہ قیمت پر عوام کی جیبوں پر ڈاکہ اور قومی خزانے پر کاری ضرب یہ سب کچھ مقامی لیسکو افسران کی آشیر باد سے جاری و ساری ہے ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ یہ سارا غیر قانونی کاروبار لیسکو کے بعض اہلکاروں اور افسران کی مکمل سرپرستی میں پروان چڑھ رہا ہے، ہر ماہ مبینہ طور پر بھاری رشوت اور ''منتھلی'' وصول کر کے یہ مکروہ دھندہ جاری رکھنے کی کھلی اجازت دے دی گئی ہے۔ مبینہ لاکھوں یونٹس بجلی بغیر کسی ریکارڈ کے فروخت ہو چکے ہیں، جس سے قومی خزانے کو کروڑوں روپے کا ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے شہریوں، سماجی تنظیموں اور عوامی حلقوں نے چیئرمین نیپرا، وزیر توانائی اور چیئرمین واپڈا سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ مرید کے سرکل کے ایکسئین اور ملوث افسران کے خلاف فی الفور اعلیٰ سطحی انکوائری کی جائے۔ تمام غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں سے بجلی کی سپلائی بند کر کے زرعی ٹرانسفارمرز فوری طور پر ہٹائے جائیں۔ اس کرپٹ مافیا کے خلاف فوجداری مقدمات درج کر کے نشان عبرت بنایا جائے۔ ایکسئین کا موقف دینے سے انکار کردیا۔

منڈی صادق گنج: پینے کے صاف پانی کی شدید قلت، نلکوں میں گندا نالیوں کا پانی آنے لگا، شہری بیماریوں کا شکار

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) منڈی صادق گنج میں پینے کے صاف پانی کی قلت نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ بیشتر علاقوں میں کئی کئی دن تک پانی کی فراہمی معطل رہتی ہے، جس کی وجہ سے لوگ پانی کے حصول کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ جہاں پانی آتا بھی ہے وہاں صورتحال مزید تشویشناک ہے۔ واٹر سپلائی کے پائپوں میں جگہ جگہ سے رساؤ ہونے کی وجہ سے گندے نالیوں کا پانی مکس ہو کر گھروں تک پہنچ رہا ہے، جس کے نتیجے میں لوگ مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ بچوں اور بزرگوں میں پیٹ، ہیپاٹائٹس اور دیگر متعدی امراض تیزی سے پھیلنے لگے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بارہا متعلقہ محکمے کو شکایات درج کروائی گئی ہیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بلدیہ اور واٹر سپلائی کے عملے کی غفلت کے باعث عوام کی صحت داؤ پر لگی ہوئی ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر بھاولنگر، چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل اور محکمہ پبلک ہیلتھ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ پائپ لائنوں کی مرمت اور صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ بصورت دیگر عوام احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

سیلاب سے متاثرہ بہن بھائیوں کی خدمت کا وقت ہے۔ اظہر حمید بھٹی

پریشان حال شہریوں کی خوراک رہائش وامداد کی جائے۔ Ceo سانزلے امپیکس انٹرنیشنل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کے باسیوں کو تاریخ کے برترین سیلاب کا سامنا ہے ضلع سیالکوٹ کے تمام نالہ جات اور دریائے چناب میں اونچے درجے کے سیلاب کے باعث ڈیڑھ سو کے قریب دیہات جبکہ اربن فلڈنگ کے باعث کینٹ و سٹی ایریاز اور تمام تحصیلوں میں ہر طرف سیلابی پانی کیوجہ سے اسوقت شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا اور بجوات سمیت متعدد دیہات کے رہائشیوں کو عارضی نقل مکانی کا سامنا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایکسپورٹر و سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی آف سانزلے امپیکس انٹرنیشنل نے میڈیا کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ شہریوں سے اپیل ہے کہ سرکار کیساتھ ساتھ اپنے پریشان حال بہن بھائیوں کو خوراک ادویات و رہائش وغیرہ کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں یہی انسانیت ہے۔ افواج پاکستان کو سلام جو اس وقت داخلی خارجی محاذوں پر خدمات سرانجام دینے کیساتھ قدرتی آفات میں گھرے پاکستانیوں کی مدد کیلئے بھی برسرپیکار رہے۔

سیالکوٹ: پیپ پراجیکٹ میں سڑکوں کی سیٹلمنٹ پر تشویش، ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی سے اراکین اسمبلی کی ملاقات

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ ایم پی اے اور چودھری فیصل اکرام ایک پی اے نے خواجہ سلطان ٹیپو پولیٹیکل سیکرٹری خواجہ محمد آصف کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی سے ملاقات کی، جس میں سیلاب کی صورتحال اور بحالی کے کاموں کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات کے دوران اراکین اسمبلی نے پیپ پراجیکٹ کے باعث مختلف سڑکوں پر ہونے والی سیٹلمنٹ (دھنساؤ) پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور اس معاملے کی فوری اصلاح واحوال اور ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا مطالبہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے بتایا کہ پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز امپروومنٹ انویسٹمنٹ پروگرام (PICIIP/پیپ) کے تحت سیوریج اور واٹر سپلائی کا میگا پراجیکٹ جاری ہے۔ حالیہ بارشوں کے باعث نئی ڈالی گئی سیوریلائن میں مختلف جگہوں پر سیٹلمنٹ پیدا ہوئی ہے۔ اس سلسلے میں کلائنٹ ڈیپارٹمنٹ کو خط لکھ دیا گیا ہے جبکہ کنٹریکٹر نے بحالی کا کام شروع کر دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق اس منصوبے کا کلائنٹ ڈیپارٹمنٹ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب ہے۔ منصوبہ پیپ کے ذریعے ورک الاٹ ہوا ہے جبکہ نیسپاک (NESPAK) اس منصوبے میں کنسلٹنٹ کے طور پر خدمات فراہم کر رہا ہے۔ مزید برآں، حکومت کی جانب سے اس منصوبے کی تھرڈ پارٹی ایویلیوایشن بھی کرائی جائے گی تاکہ معیار اور شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ کنٹریکٹر کو تمام کوڈل فارمالٹیز اور مقررہ معیار کے مطابق کام کرنے کا پابند بنایا گیا ہے۔ بصورت دیگر متعلقہ محکمے کی جانب سے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس خواجہ سلطان ٹیپو، سی او ضلع کونسل فیصل شہزاد، مینیجر پیپ علی خان اور نیسپاک کے مقامی حکام بھی موجود تھے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مضر صحت خوراک کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مضر صحت خوراک کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے فاسٹ فوڈ پوائنٹس، کینٹینز اور واٹر پلانٹس پر چھاپے مارے اور سابقہ دی گئی ہدایات پر عمل درآمد نہ ہونے پر فاسٹ فوڈ یونٹ سیل کر دیا گیا۔ پینے کے پانی میں مضر صحت جراثیم کی موجودگی کی وجہ سے 2 واٹر پلانٹس کی پروڈکشن بند کر دی گئیں۔ قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر ایک لاکھ 33 ہزار روپے کے جرمانے عائد کئے گئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم نیپتا یا کہ معروف ہسپتال کینٹین کو صفائی کیناقص انتظامات کی وجہ سے بھاری جرمانہ عائد کیا۔ فاسٹ فوڈ کی تیاری میں استعمال ہونے والی ایکسپائرڈ بریڈ برآمد ہونے کی وجہ سے فوڈ پوائنٹ کو سیل کر دیا گیا۔ دوران معائنہ صفائی اور سٹوریج کے ناقص انتظامات اور ملازمین کے میڈیکلز کی عدم دستیابی پر کارروائیاں کی گئیں۔

ضلعی انتظامیہ کی سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیاں جاری

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو وانتظامی افسران کے متاثرہ علاقوں کے دورے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی انتظامیہ کی سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیاں جاری، ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو وانتظامی افسران کے متاثرہ علاقوں کے دورے۔ ڈپٹی کمشنر نے بچوکی پار کے سیلابی علاقوں کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ عطیہ عنائیت سمیت دیگر افسران بھی ہمراہ ہیں۔ ڈپٹی کمشنر و دیگر افسران نے سیلاب متاثرین کو تقسیم کیے جانے والے کھانے کو خود کھا کر تقسیم کیا اور تمام فوڈ ڈسٹریبیوشن کیمپس اچھا رجز کو کھانا چیکنگ کے بعد تقسیم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ افراد کو کھانا، پانی اور جانوروں کے لیے وٹڈے اور چارے کی فراہمی جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیلاب زدہ علاقوں میں 9 ریلیف کیمپس اور 9 خیمہ بستیاں قائم ہیں۔ دوران وزٹ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ 5 ہزار سے زائد متاثرین روزانہ کی بنیاد پر دو وقت کا کھانا فراہم کر رہی ہے۔ سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، سیلاب متاثرین کی تکلیف کو اپنی ذاتی تکلیف سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے۔

محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے طبی سہولیات اور چارے کے انتظامات کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے طبی سہولیات اور چارے کے انتظامات کا سلسلہ جاری، اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز نے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر سہیل اختر کے ہمراہ فلڈ ریلیف کیمپس میں مویشیوں کو دستیاب طبی سہولیات اور چارے کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا، اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے مویشیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کے لیے وٹڈے اور چارے کا بھی بھرپور انتظام کیا گیا ہے، اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز نے کہا کہ فلڈ ریلیف کیمپس میں سیلاب متاثرین کے ساتھ ساتھ ان کے جانوروں کو بھی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں اور اس مقصد کے اصول کے لیے محکمہ لائیو سٹاک کے افسران مانیٹرنگ کا عمل جاری رکھیں

جرم وسزا

CRIME & COURT

تھانہ رنگپورہ پولیس کی بروقت کارروائی، 18 سالہ سگی بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنانے والا بدبخت باپ گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) تھانہ رنگپورہ کے علاقہ محلہ ارشاد پورہ جھگیوں میں مقیم نجمہ بی بی نے درخواست دی کہ اس کی 18 سالہ بھانجی کو گھر پر اس کے باپ گلشن اقبال نے مبینہ طور پر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا ہے۔ پولیس نے متاثرہ لڑکی کی خالہ نجمہ بی بی کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم گلشن اقبال کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کا کہنا ہے کہ خواتین کا تحفظ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ریڈ لائن اور سیالکوٹ پولیس کی اولین ترجیح ہے ایسے قبیح جرائم میں ملوث ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں ملزم کو قانون کے مطابق عدالت سے سزا دلوائی جائے گی۔

جہلم میں دریاؤں اور ڈیمز میں نہانے پر پابندی، دفعہ 144 نافذ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے انسانی جانوں کے تحفظ اور حادثات کی روک تھام کے پیش نظر دریائے جہلم، ندی نالوں، ڈیمز تالابوں اور آبی گذرگاہوں میں نہانے اور بوٹنگ پر دفعہ 144 نافذ کر دی ہے۔ اس حکم کا اطلاق گزشتہ روز 2 ستمبر سے اگلے ماہ یکم اکتوبر تک ہوگا۔ انتظامیہ کے مطابق پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر دفتر سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے یہ اقدام ناگزیر ہے۔ ریسکیو 1122 حکام نے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ دریائے جہلم، ندی نالوں آبی گذرگاہوں، ڈیمز کے پانی میں نہانا نہ صرف خطرناک ہے بلکہ جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ حالیہ بارشوں کے باعث دریاؤں اور نالوں میں پانی کی سطح خاصی بلند ہے، جس میں معمولی غفلت بھی ڈوبنے کے سانحات کو جنم دے سکتی ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے گی، اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی ہرگز ضرورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کے اس اقدام کو سراہا ہے، تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ پابندی کی تشہیر ہونی چاہیے تاکہ دور دراز کے شہریوں کو بھی آگاہی حاصل ہوسکے۔

چوآسیدن شاہ کھلی کچہری میں پشتون پاکستانی شہریوں کا مؤقف، ڈی پی او چکوال کا فوری نوٹس

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ میں ہونے والی کھلی کچہری کے دوران پشتون قوم سے تعلق رکھنے والے پاکستانی شناختی کارڈ ہولڈرز نے ڈی پی او چکوال سے پولیس چیکنگ اور دیری فیلیشن کے دوران نرمی کی اپیل کی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ پاکستانی شہری ہیں اور ان کے پاس قومی شناختی کارڈ موجود ہیں، اس کے باوجود انہیں بعض اوقات غیر ضروری روک ٹوک کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین نے فوری طور پر ایس ایچ او چوآسیدن شاہ کو ہدایت جاری کی کہ شناختی کارڈ رکھنے والے کسی بھی پشتون شہری کو بلاوجہ تنگ نہ کیا جائے۔ ڈی پی او کے اس مثبت اقدام پر کھلی کچہری میں موجود پشتون افراد نے تالیاں بجا کر شکریہ ادا کیا اور پولیس کے اس رویے کو سراہا۔ عوامی حلقوں نے بھی اس فیصلے کو قومی یکجہتی اور بین الاقوامی بھائی چارے کی مثال قرار دیا*

مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے۔ سبزی منڈی میں دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر لہراسب علی سے نقدی 21 ہزار روپے، موبائل فون چھین لیا اوٹھیاں کے قریب تین نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر شازیب سے نقدی اور دو دو موبائل فون چھین لئے شبیر ہسپتال میں ذکاء اللہ کی جیب سے نقدی 5 ہزار روپے اور موبائل فون چوری جبکہ دو مختلف واقعات میں دوشیزہ اور نوجوان اغوا۔ اوٹھیاں کے عبدالباسط کا بیٹا 18 سالہ بلال گوجرانوالہ گیا مگر واپس نہ آیا شبہ ہے کہ نامعلوم نے اغوا کرلیا گوپی پور کے رضوان شوکت کی بھتیجی 18 سالہ (ت) کو نامعلوم نے اغوا کرلیا پولیس نے مقدمات درج کرلئے

مختلف واقعات میں شہری موٹر سائیکلوں سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں شہری موٹر سائیکلوں سے محروم۔ مین بازار کے باہر سے ابرار حسین کی موٹر سائیکل چوری، پٹوار خانہ کے باہر سے حبیب الرحمان کی موٹر سائیکل چوری، منڈیکی گورائیہ گھر کے باہر سے عارف مسیح کی موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کرلئے

جہلم آئیکسو سرکل جہلم کی سول لائن سب ڈویژن کرپشن کا گڑھ بن گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم آئیکسو سرکل جہلم کی سول لائن سب ڈویژن کرپشن کا گڑھ بن گئی۔ ذرائع کے مطابق معمولی سیٹ پر تعینات لائن سپرنٹنڈنٹ نے دیکھتے ہی دیکھتے کروڑوں روپے کے اثاثے بنا ڈالے۔ شہر کے پوش علاقے میں عالی شان بنگلہ، قیمتی گاڑیاں اور شاہانہ طرز زندگی نے عوام کے ہوش اڑا دیے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ آئیکسو سرکل جہلم میں احتساب کا نظام مکمل طور پر فیل ہے، اور مبینہ طور پر اثر و رسوخ رکھنے والے کرپٹ ملازمین نے پورے سسٹم کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ شہریوں نے الزام لگایا کہ بجلی کے کنکشنز کے حصول کے لیے بھی پیسے وصول کیے جاتے ہیں معاملات نہ کرنے والے شہریوں کی درخواستیں اعتراضات لگا کر خارج کردی جاتی ہیں اس طرح غیر قانونی کنکشنز کے پیچھے بھی یہی مافیا سرگرم عمل ہے۔

تھانہ دھلے پولیس کی ماہ اگست کے دوران ڈکیتوں اور موٹر سائیکل چوروں کے خلاف بڑی کارروائی

سماج دشمن عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو پُرامن ماحول فراہم کریں گے۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں اور موٹر سائیکل چوروں کے خلاف کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سٹی شاہد رشید کی ہدایت پر ڈی ایس پی ماڈل ٹاؤن عنصر فاروق مان کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ دھلے سب انسپکٹر عمران اوجلہ و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 گینگ کے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 15 عدد موٹر سائیکل، 2 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔ گرفتار موٹر سائیکل چور گینگ میں شعیب اور ابوبکر جبکہ ڈکیت گینگ میں عمر اور عمران شامل ہیں۔ دوران تفتیش موٹر سائیکل چور گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے ماسٹر چابی بنا رکھی تھی جس کی مدد سے وہ مختلف بازاروں اور پارکنگ پلازوں میں کھڑی موٹر سائیکلوں کے تالے کھولتے اور موٹر سائیکلیں چوری کر کے لے جاتے جبکہ ڈکیت گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ رات کی تاریکی میں اور سنسان روڈ پر ڈکیتی کی وارداتیں کرتے تھے۔ اس موقع

روزنامہ "قوت" لاہور (7) بدھ 3 ستمبر 2025ء

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات شائع کیے جانے سے قبل جدید سے جدید ترین ٹیکنالوجی کے ذریعے چیک کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

عاق نامہ

میں اپنے نالائق بیٹے عدنان بن عبدالرحمٰن محمد کو بذریعہ ہذا عاق اور بے دخل کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے اہل خانہ کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہوگا۔ میں اس کے کسی قول فعل یا دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔ میرا اس کے کسی قول فعل انتاف سے کوئی تعلق نہ ہوگا۔

اشتہار: ملک رضوان محمد شریف ذات انصاری ساکن گلی نمبر 4 بلاک نمبر 2 سمندری ٹاؤن فیصل آباد

گمشدگی پاسپورٹ

میرا پاسپورٹ نمبر MM 9898821 Expiry 10-06-2022 گم ہو گیا ہے جس کی رپورٹ متعلقہ تھانہ میں بھی درج کروا دی گئی ہے۔ اگر کسی کو ملے تو رابطہ کرے۔

اشتہار: بلال رضا محمد اسماعیل ساکنہ شاہین آباد جوائل

لاہور

قیمت 1

جن میں سے 9 لاکھ افراد بے گھر ہو چکے ہیں، 41 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ ہزاروں بستیاں زیر آب ہیں، اتنا کچھ ہونے کے باوجود ہمارے ہاں موسمی کا بے حد نقصان ہو رہا ہے۔ ملتان میں دریائے چناب کے مقام پنجند کے قریب ہیڈ پنجند پر چار لاکھ پچاس ہزار کیوسک کا بڑا ریلا دریا میں داخل ہو گیا، مقامی ذرائع کے مطابق ہیڈ پنجند کے اطراف نے فوری بند ہونے کا خطرہ ہے، سیلابی ریلے کے باعث چھوٹے بڑے سے کے بیڑہ گھاٹ اور کے سیکڑوں دیہات زیر آب آ چکے ہیں اور وہاں کے مکینوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ دریائے چناب کے قریب واقع بند برن میں سیلابی صورتحال خطرناک حد تک شدت اختیار کر گئی ہے، پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث مقامی علاقوں میں پانی داخل ہونا شروع ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق سیلابی ریلا اب رہائشی بستیوں کی جانب بڑھنے لگا ہے، جبکہ متعدد مقامات پر کھوکھلے کنارے کمزور پڑ چکے ہیں اور خطرہ بڑھ چکا ہے، جس سے بستی سرکیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ دریائے سوکن کے اندر زیر زمین دریا کے اندر زیر زمین دریا کے اندر سیلاب کا پانی بہنے سے بستی کے مکینوں کو شدید خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔ ملتان میں دریائے چناب کے مقام پنجند پر ہیڈ پنجند کے قریب واقع بند برن میں سیلابی ریلے کے باعث پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث مقامی علاقوں میں پانی داخل ہونا شروع ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق سیلابی ریلا اب رہائشی بستیوں کی جانب بڑھنے لگا ہے، جبکہ متعدد مقامات پر کھوکھلے کنارے کمزور پڑ چکے ہیں اور خطرہ بڑھ چکا ہے، جس سے بستی سرکیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ دریائے سوکن کے اندر زیر زمین دریا کے اندر زیر زمین دریا کے اندر سیلاب کا پانی بہنے سے بستی کے مکینوں کو شدید خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔ ملتان میں دریائے چناب کے مقام پنجند پر ہیڈ پنجند پر چار لاکھ پچاس ہزار کیوسک کا بڑا ریلا دریا میں داخل ہو گیا، مقامی ذرائع کے مطابق ہیڈ پنجند کے اطراف نے فوری بند ہونے کا خطرہ ہے، سیلابی ریلے کے باعث چھوٹے بڑے سے کے بیڑہ گھاٹ اور کے سیکڑوں دیہات زیر آب آ چکے ہیں اور وہاں کے مکینوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ دریائے چناب کے قریب واقع بند برن میں سیلابی صورتحال خطرناک حد تک شدت اختیار کر گئی ہے، پانی کی سطح میں مسلسل

بھارت کی چینک وقتی رہائی پاک چین تعلقات کو متاثر کر سکتی ہے، سردار مسعود خان

بھارت کی تاریخ شاہد ہے وہ جہاں جاتا ہے پاکستان کو نقصان پہنچانا اس کا پہلا ہدف ہوتا ہے

وزیر اعظم شہباز شریف نے ایس سی او اجلاس میں پاکستان کا کیس موثر انداز میں پیش کیا، سابق صدر آزاد کشمیر

اسلام آباد (خبرنگار) آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر امریکہ و چین میں پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو چوکنا اور ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ نئی دہلی اور بیجنگ کے درمیان وقتی قربت کا مقصد پاکستان اور چین کے درمیانی اعتماد و تعاون پر مبنی تعلقات میں دراڑ ڈالنا ہو سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں چین کے ساتھ اپنے تعلقات پر عمل اعتماد ہے، تاہم بھارت کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ وہ ماسکو، واشنگٹن، برسلز یا بیجنگ، ہر جگہ پاکستان کے خلاف محاذ کھولنے کی کوشش کرتا رہا ہے۔شیخوپورہ تھانہ تنظیم کے عالیہ اجلاس کے تناظر میں متفقہ ڈی ایم جنرل نے کہا کہ پاکستان کو دریائے کابل کا پانی روکنے کا نوٹیفکیشن لاہور ہائیکورٹ میں پیش کر دیا گیا۔درخواست شیری ناصر حسین نے بیرسٹر عرفان رانجھا کے توسط سے دائر کی۔درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ ڈی سی گجرات نے 29 اگست 2025 کو ایک نوٹیفکیشن جاری کیا، جس میں متاثرین کو کھانا اور ادویات فراہم کرنے سے منع کیا گیا ہے۔یہ اقدام آئین کے آرٹیکلز 9، 14 اور 18 کی خلاف

وزیر مملکت رشید احمد خان کے بھائی، اپنیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کے ماموں ملک سعید احمد خان کے والد مرحوم حاجی حنیف خان کی نماز جنازہ قبرستان میں ادا کی جا رہی ہے

آن لائن جوئے کی تشہیر، معروف ٹک ٹاکر منال ملک کے خلاف گھیرا مزید تنگ ہونے لگا

لاہور (نیڑیا این این) آن لائن جوئے کی غیر قانونی تشہیر سے متعلق جاری تحقیقات میں سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے خلاف گھیرا مزید تنگ ہونے لگا ہے اور اسپ معروف ٹک ٹاکر منال ملک کا نام بھی رپاور پر آچکا ہے۔ذرائع کے مطابق ایف آئی اے اور دیگر حفاظتی ادارے سوشل میڈیا پر آن لائن جوئے اور بیٹنگ ویب سائٹس کی پروموشن کرنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں۔

سونے کی عالمی قیمت پہلی بار 3 ہزار 500 ڈالر فی اونس سے تجاوز

ایشیائی مارکیٹ میں 3,501.59 ڈالر فی اونس ریکارڈ، امریکی ڈالر کمزور پڑ گیا

لاہور (نیڑیا این این) عالمی غیر یقینی صورتحال کے باعث سرمایہ کاروں کی محفوظ سرمایہ کاری کی خاطر سونے کی قیمتوں کو نئی بلندیوں پر پہنچا دیا۔تاریخ میں پہلی مرتبہ سونے کی قیمت 3 ہزار 500 امریکی ڈالر فی اونس سے تجاوز کر گئی۔ایشیائی مارکیٹ میں ابتدائی تجارت کے دوران 3,501.59 امریکی ڈالر فی اونس ریکارڈ کیا گیا، جو اپریل میں قائم ہونے والے 3,500.10 ڈالر کے (بقیہ نمبر 41)

کراچی، نجی فیکٹری سے 20 سے زائد ڈاکوؤں نے کروڑوں کا سامان لوٹ لیا

متاثرہ فیکٹری مالک کا ویڈیو بیان سامنے آگیا واردات کے دوران چوکیدار کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا

کراچی (این این آئی) کشمیر قائد میں ایک اور بڑی ڈکیتی کی واردات ہوئی، احسن آباد فیز ون میں واقع نجی فیکٹری ڈاکوؤں کے نرغے میں آگئی۔20 سے زائد مسلح افراد رات کی تاریکی میں فیکٹری میں گھس آئے اور لوٹ مار کے بعد بھاری مقدار میں قیمتی سامان لے کر فرار ہو گئے۔ذرائع کے مطابق ڈاکو فیکٹری سے 25 صنعتی مشینیں، تین قیمتی لیپ ٹاپس اور دیگر قیمتی سامان اپنے ساتھ لے گئے۔

لاہور: خانہ بدوش خاندان کسی دوسری جگہ بسیرے کے لئے اپنے سامان کے ہمراہ جا رہا ہے

26 نومبر احتجاج کیس، علیمہ خان کی عبوری ضمانت میں توسیع

نعیم حیدر پنجوتھا، اعظم سواتی اور دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت میں بھی 10 ستمبر تک توسیع

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر کے احتجاج کے کیس میں پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی عبوری ضمانت میں 10 ستمبر تک توسیع کر دی۔عدالت نے نعیم حیدر پنجوتھا، اعظم سواتی اور دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت میں بھی 10 ستمبر تک توسیع کی ہے۔جج احمد علی طرمز نے خصوصی رعایت ہونے کے باعث سماعت 10 ستمبر تک ملتوی کی گئی ہے۔

پشاور میں موسلا دھار بارش، نشیبی علاقے زیر آب، بی آر ٹی بس سروس معطل

بی آر ٹی سروس اگلی اطلاع تک مکمل طور پر بند رہے گی، ترجمان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور اور گردونواح میں موسلا دھار بارش کے باعث معمولات زندگی متاثر ہو گئے۔بارش کے نتیجے میں نشیبی علاقے زیر آب آگئے جبکہ شہر کے مختلف مقامات پر پانی جمع ہونے سے ٹریفک کی روانی میں بھی مشکلات پیش آئیں۔

سوہاوی بند ریسک فیصل ایوب کھوکھر اور کرتوتی اسمبلی اپنے حلقے کے سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

سعیہ سجاد کا پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس

وطن کی حفاظت اور خدمت خلق کی راہ میں اپنی جانیں قربان کرنے والے شہداء اور اعلیٰ پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں

مظفر آباد (این این آئی) مسلح افواج کی خواتین ونگ کی مرکزی چیئرپرسن اور کشمیر ویمن الرٹ فورم (کواف) کی چیئرپرسن سعیہ سجاد نے پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے میں اشرار و جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ سانحہ پوری قوم کے لیے ایک ناقابلِ (بقیہ نمبر 34)

لاہور: دریائے راوی میں سیلابی صورتحال کے باعث شہریوں کو حفاظتی جگہ پر رکھنے کے لئے خاردار تاریں لگائی گئی ہیں

لاہور ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں 6 ستمبر کو تعطیل ہوگی

عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر صوبے بھر میں عدالتیں اور دفاتر بند رہیں گے

لاہور (نیڑیا این این) لاہور ہائی کورٹ اور صوبے بھر کی ماتحت عدالتوں میں 6 ستمبر کو عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر عام تعطیل کا اعلان کر دیا گیا ہے۔یہ تعطیل لاہور ہائی کورٹ کے سالانہ جاب پلیڈ کیلنڈر کا حصہ ہے، جس کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس سمیت تمام ماتحت عدالتیں اور ان کے دفاتر 6 ستمبر کو بند رہیں گے۔لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے دکھ کو آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدمات کی تیاری میں تعطیل کو مدنظر رکھا جائے تاکہ کسی قسم کی مشکلات پیش نہ آئیں۔بار عہدیداروں کا کہنا ہے کہ عدالتوں میں تعطیلات کے اعلان کا مقصد عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر وکلا، عدالتوں کے عملے اور عوام کو سہولت فراہم کرنا ہے۔قانونی ماہرین کے مطابق عدالتوں کے سالانہ جاب پلیڈ کیلنڈر میں عید میلاد النبی ﷺ کی تعطیل ہمیشہ شامل کی جاتی ہے

رائے ونڈ سرکزی مسلم لیگ کی جانب سے ملتان روڈ پر افطار کیمپ میں سیلاب متاثرین کو کھانا افطار کی جا رہی ہے

گجرات میں سیلاب متاثرین کی امداد روکنے کا نوٹیفکیشن ہائیکورٹ میں چیلنج

متاثرین کی مدد سے روکنا آئین اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، درخواست گزار

لاہور (نیڑیا این این) ڈی سی گجرات کی جانب سے سیلاب زدگان کو افطاری کی پر ادویات اور کھانا دینے سے روکنے کا نوٹیفکیشن لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔درخواست شیری ناصر حسین نے بیرسٹر عرفان رانجھا کے توسط سے دائر کی۔درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ ڈی سی گجرات کی جانب سے 2025 کو ایک نوٹیفکیشن جاری کیا گیا، جس میں متاثرین کو کھانا اور ادویات فراہم کرنے سے منع کیا گیا ہے۔یہ اقدام آئین کے آرٹیکلز 9، 14 اور 18 کی خلاف ورزی ہے۔درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ پاکستان یونیورسل ہیلتھ کوریج آف ہیومن رائٹس معاہدے کو تسلیم کر چکا ہے جبکہ قدرتی آفات کے دوران امداد فراہم کرنے کو پی پی سی سیکشن 52 کا تحفظ حاصل ہے۔ملک بھر میں کہیں بھی اس نوعیت کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا۔درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ ڈی سی گجرات کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے کر شہریوں کو متاثرین کی آزادانہ مدد کرنے کی اجازت دی جائے۔

بلاشبہ آپ کی سیرتِ طیبہ رہتی دنیا تک انسانیت کے لیے روشنی کا سرچشمہ اور نجات کا یقینی وسیلہ ہیں: پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ

ملتان (خبرنگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں عشرہ رحمت اللعالمین کی تقریبات شروع ہو گئیں۔ترجمان کے مطابق پنجاب حکومت کی ہدایت پر، ماہ ربیع الاول کے بابرکت مہینہ کی آمد پر عید میلاد النبی منانے کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا اور عشرہ رحمت اللعالمین کی تقریبات شروع ہو گئیں ترجمان کے مطابق پنجاب حکومت کی ہدایت پر، ماہ ربیع الاول کے بابرکت مہینہ کی آمد پر عید میلاد النبی منانے کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا اور عشرہ رحمت اللعالمین کی تقریبات شروع ہو گئیں ترجمان کے مطابق پنجاب حکومت کی ہدایت پر، ماہ ربیع الاول کے بابرکت مہینہ کی آمد پر عید میلاد النبی منانے کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا۔ایم یو ایس ایچ میں ہفتہ کو ہونے والی تقریب میں مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ تھیں انہوں نے خطاب کرتے ہوئیکہا کہ اس ماہ مقدس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (بقیہ نمبر 45)

پاکستان میں سوشل میڈیا کے استعمال کی بنیاد پر ریکارڈ اضافہ، انسٹاگرام سرفہرست

گزشتہ سال کے مقابلے میں انسٹاگرام صارفین میں 188 فیصد، فیس بک 58 فیصد بڑھ گئے

لاہور (نیڑیا این این) پاکستان میں سوشل میڈیا کے استعمال میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، مختلف پلیٹ فارمز پر صارفین کی تعداد گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں طور پر بڑھی ہے۔اعداد و شمار کے مطابق سب سے زیادہ اضافہ انسٹاگرام صارفین میں ہوا ہے جہاں رواں سال صارفین کی تعداد 4 کروڑ 99 لاکھ تک پہنچ گئی، جو گزشتہ سال کے ایک کروڑ 73 لاکھ کے مقابلے میں 188 فیصد (بقیہ نمبر 39)

لاہور محنت کش مزدوروں کی پرانی پنشن پر احتجاج کر رہا ہے

کراچی، دو مختلف واقعات، شہری اور پولیس کی فائرنگ سے دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) کشمیر قائد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، دو مختلف واقعات میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے، جنہیں ابتدائی طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔پہلا واقعہ سرجانی ٹاؤن خدا کی بستی سیکٹر اسٹاپ کے قریب پیش آیا۔

سابق بھارتی جنرل کا پاکستان کیخلاف آبی دہشت گردی منصوبے کا انکشاف

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فوج کے ریٹائرلیفٹیننٹ جنرل کنول جیت سنگھ نے انکشاف کیا ہے کہ بھارت پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر کے پاکستان کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ان کا انٹرویو کلپ شیئر کیا، جس میں جنرل ریٹائرڈ کنول جیت سنگھ نے کہا کہ بھارت کے پاس پانی روکنے اور چھوڑنے کی بھرپور صلاحیت ہے۔ان کے مطابق بھارت اچانک پانی روک کر پھر پاکستان کی طرف چھوڑ دے گا، جس سے سیلاب آئے گا اور پاکستان اس پانی کو سنبھال نہیں سکے گا۔

بہاولنگر ٹرک اور رکشے میں ٹکر، 2 افراد جاں بحق

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر کے علاقے چک نمبر 24 ڈبلیو ٹرک اور رکشے کے درمیان ٹکر ہو گئی۔پولیس کے مطابق ٹرک اور رکشے کی ٹکر کے دوران 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔دونوں افراد کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئیں۔پولیس کا کہنا ہے کہ ٹکر کے بعد ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا، جس کی تلاش جاری ہے۔

پنجاب میں سیلاب متاثرین کیلئے 24 میڈیکل کیمپس قائم

وزیر صحت فیصل ایوب کھوکھر کی ہدایت پر طبی سہولیات، ادویات اور شعور بیداری مہم جاری

لاہور (نیڑیا این این) صوبائی وزیر صحت و افرادی قوت پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی خصوصی ہدایت پر سیلاب متاثرین کی بحالی اور طاعون کے اقدامات تیز کر دیے گئے ہیں۔حکومت پنجاب کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر طبی امداد کی فراہمی جاری ہے۔کشمیر پنجاب سوشل سیکورٹی ہسپتال مارگلہ کے زیر نگرانی موبیلے بھر کے سیلاب زدہ علاقوں میں ایک 24 گھنٹے ریلیف میڈیکل کیمپس قائم کیے گئے ہیں، جہاں متاثرہ عوام کو مفت طبی سہولیات، فوری معائنہ اور مفت ادویات فراہم کی جا رہی ہیں۔ماہر ڈاکٹرز ان کیمپس میں موجود ہیں جو متاثرین کا معائنہ کرنے کے ساتھ ساتھ بیماریوں سے بچاؤ سے متعلق رہنمائی بھی فراہم کر رہے ہیں۔کیمپس میں بچوں، خواتین اور بزرگوں کے لیے علیحدہ سہولیات کا انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر مریض کو فوری اور مؤثر علاج فراہم کیا جا سکے۔

ملک بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کا طریقہ کار اور فیس شیڈول جاری

شہری اب ایک سے پانچ سال کی مدت کے لیے ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکیں گے

لاہور (نیڑیا این این) پنجاب سمیت ملک بھر میں ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کا طریقہ کار اور فیس شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔اب شہری ایک سے پانچ سالہ مدت کے لیے ڈرائیونگ لائسنس بنوا سکیں گے۔محکمہ ٹریفک پولیس کے مطابق درست ڈرائیونگ لائسنس کا ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کو بھاری جرمانے اور قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ (بقیہ نمبر 23)

پشاور میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ 80 کلو آٹے کی بوری 10 ہزار روپے تک پہنچ گئی

پشاور (این این آئی) پنجاب سے سپلائی بند ہونے کی وجہ سے پشاور میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا۔ڈیلرز کے مطابق سپلائی کی بندش سے 80 کلو آٹے کی بوری 10 ہزار روپے تک پہنچ گئی ہے۔اسی طرح، سبزیوں کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو گیا، جس کے باعث ٹماٹر کی قیمت فی کلو 250 روپے تک پہنچ گئی۔

گوشت، سبزیاں اور پھل عوام کی پہنچ سے دور ہو گئیں

ہر کلو گوشت 680 روپے فی کلو، اڑھائی سو سے 300 روپے فی درجن، سبزیاں اور پھل بھی آسمان پر پہنچ گئیں

لاہور (نیڑیا این این) ملک میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو چکا ہے، روزمرہ استعمال کی اشیاء عام شہری کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں۔ایک شہری ایک سے پانچ کلو گوشت کی خریداری کرتا تھا، اب پوری ایک سے پانچ کلو گوشت کی خریداری کرتا ہے۔پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں بدستور عدم استحکام پایا جا رہا ہے۔مرغی کے گوشت کی قیمت 680 روپے فی کلو ہو گئی ہے، جبکہ انڈے کی قیمت اڑھائی سو سے 300 روپے فی درجن پر برقرار ہیں۔ (بقیہ نمبر 43)

لاہور: چیئرپرسن ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) ساجد کھوکھر ڈی ایس پی ایڈمن لاہور عمران کشور کو وسنڈرے سے ہیں

سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فضائی آپریشن بحال

فضائی آپریشن کی بحالی کے ساتھ ہی تمام نجی ایئر لائنز نے اپنی فلائٹ شیڈول جاری کر دیا، ترجمان سیالکوٹ ایئرپورٹ

سیالکوٹ (این این آئی) سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فضائی آپریشن بحال کر دیا گیا ہے، جس کے بعد غیر قومی ایئر لائنز کی 14 پروازوں کی آمد اور روانگی ہوئی ہے۔دوحہ، شارجہ، مسقط اور دبئی سے غیر ملکی پروازوں کی معمول کے مطابق سیالکوٹ آمد ہوئی ہے۔قومی ایئر لائن کی دبئی اور دوحہ سے سیالکوٹ کی پروازیں لاہور سے آپریٹ ہوئی ہیں۔ترجمان نجی ایئر لائن کے مطابق شارجہ سے روانہ ہونے والی پرواز 170 مسافروں کو لے کر سیالکوٹ کے لیے روانہ ہو گئی۔ترجمان سیالکوٹ ایئرپورٹ محمد ضمیر خان نے بتایا کہ حالیہ سیلابی صورتحال کے باوجود زمین، ایپرن، ٹرمینل بلڈنگ سمیت ایئرپورٹ کے تمام اہم آلات اور انفراسٹرکچر مکمل طور پر محفوظ رہے۔ریسکیو اور ایئرپورٹ انتظامیہ نے بروقت اقدامات کرتے ہوئے

پنجاب میں 12 ربیع الاول پر عام تعطیل کا اعلان

لاہور (نیڑیا این این) پنجاب حکومت نے ہفتہ 12 ربیع الاول کے موقع پر عام تعطیل کا اعلان کر دیا ہے۔اس روز تمام سرکاری دفاتر بند رہیں گے جبکہ سول سیکرٹریٹ چونکہ پہلے ہی ہفتے کو بند ہوتا ہے، اس لیے وہاں معمول کے مطابق تعطیل ہوگی۔صوبائی حکومت کے مطابق اسپتالوں میں صرف ایمرجنسی سروسز فراہم کی جائیں گی جبکہ انتظامی دفاتر اور آؤٹ ڈور پیشنٹ ڈپارٹمنٹس (او پی ڈیز) بند رہیں گے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر متاثرین کیلئے کھانے کی فراہمی

ریسکیو ٹیمیں کشتیوں کے ذریعے گھر گھر متاثرہ خاندانوں کو کھانا پہنچا رہی ہیں، رپورٹ

لاہور (نیڑیا این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر سیلاب متاثرین کی بھرپور معاونت جاری ہے۔صوبے بھر میں قائم ریلیف کیمپوں میں ہزاروں متاثرہ افراد کے لیے متبع ریسکیو ٹیمیں کھانے کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔وزیر اعلیٰ مریم نواز خود فلڈ ریلیف کیمپس میں کھانے کی فراہمی کی رپورٹس حاصل کرتی ہیں، جبکہ صوبائی وزراء، ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز متاثرین کو کھانا پیش کرنے میں مصروف رہے۔ریسکیو ٹیمیں کشتیوں کے ذریعے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں گھر گھر کھانا پہنچانے میں سرگرم ہیں اور ہزاروں خاندانوں تک گھروں پر کھانے کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔

نارووال: نواحی گاؤں نارنگ والی میں دریائے سیالی پانی سے گزر کر جانوروں کے لیے چارہ لا رہے ہیں

ملک بھر میں عید میلاد النبی ﷺ کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

گھر بگلیاں، مساجد اور شاہراہیں جگمگانے لگیں، محافل ذکر رسول ﷺ سج گئیں

لاہور (نیڑیا این این) لاہور سمیت ملک بھر میں عید میلاد النبی ﷺ کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی ہیں۔گھروں، گلیوں، مساجد اور شاہراہوں کو برقی قمقموں سے سجایا جا رہا ہے جبکہ ذکر رسول ﷺ کی محافل کا سلسلہ بھی جاری ہے۔شہر قائد کراچی میں حسن عید میلاد النبی ﷺ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ربیع الاول شروع ہوتے ہی محمود آباد سمیت مختلف علاقوں میں رونقیں بڑھ گئیں۔گلی محلوں میں جھنڈوں، قمقموں، لائٹوں اور دیگر اشیاء کے اسٹالز سجے ہوئے ہیں، جہاں شہری خریداری میں مصروف ہیں۔سٹال مالکان کا کہنا ہے کہ حضور نبی آخر الزماں ﷺ کی ولادت باسعادت کی خوشی منانا ہمارا ایمان ہے، تاہم سب پہلے ضروری ہے کہ ان کی سنتوں پر عمل کیا جائے۔

لاہور میں سی سی ڈی کا سرچ آپریشن، 6 گمشدہ بچے بازیاب

بازیاب بچے مختلف شہروں سے لاپتہ، جبری مشقت اور استحصال کا شکار رہے، ترجمان

لاہور (نیڑیا این این) لاہور میں سی سی ڈی انوار برائے تاوان سٹل نے لاہور کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کرتے ہوئے 6 گمشدہ بچوں کو بازیاب کروا لیا۔ترجمان سی سی ڈی کے مطابق بازیاب ہونے والے بچوں کا تعلق بہاولپور، اٹک، اوکاڑہ اور فیصل آباد سمیت مختلف شہروں سے ہے۔یہ بچے مختلف وجوہات کے باعث گمشدہ یا گھروں سے فرار ہو کر لاہور پہنچے تھے، جہاں انہیں جبری مشقت پر مجبور (بقیہ نمبر 35)

لاہور ہائیکورٹ نے مشی واک پابندی کیس میں فریقین کو نوٹس جاری

عدالت نے پابندی کے نوٹیفکیشن پر جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 25 ستمبر تک ملتوی کر دی

لاہور (نیڑیا این این) لاہور ہائیکورٹ نے مشی واک پر پابندی کے خلاف دائر درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے مزید سماعت 25 ستمبر تک ملتوی کر دی۔کیس کی سماعت جسٹس ملک عبدالوسی خالد نے کی۔درخواست گزار اصطفیٰ لازکزوم کی جانب سے وائز پٹیشن میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ آئین پاکستان ہر شہری کو اپنے عقائد کے مطابق مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔

سرینگر جموں ہائی وے کی بندش کی وجہ سے پھلوں کے کشمیری کاشتکاروں کو بھاری نقصانات کا سامنا

سرینگر جموں ہائی وے ضلع اننت ناگ اور ڈھور میں جھلمیتی اور جانی کے درمیان لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے گزشتہ ایک ہفتے سے بند ہے جس کی وجہ سے پھلوں کے کشمیری کاشتکاروں کو بھاری نقصانات کا سامنا ہے (بقیہ نمبر 36)

لاہور میں طوفانی بارش، نشیبی علاقے زیر آب، متعدد جگہ پر فیڈر ٹرپ

لاہور (نیڑیا این این) مون سون کے طوفانی اسپیل نے لاہور اور گردونواح کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، رات سے جاری موسلا دھار بارش کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آگئے۔شدید بارش کے نتیجے میں مختلف مقامات پر پانی کھڑا ہو گیا ہے جس سے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا۔کئی علاقوں میں لیسکو کے فیڈر ٹرپ کرنے سے بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی ہے اور مکینوں کو اندھیروں کا سامنا ہے۔علاقہ مکینوں کے مطابق انتظامیہ کی جانب سے نکاسی آب کے خاطر خواہ انتظامات نہ ہونے کے باعث گھروں اور گلیوں میں پانی بھر گیا ہے۔

کراچی میں ویسٹ انڈیز 19 اور ایمرجنگ کرکٹرز کی ٹرائکر ٹرافی ہوں گے

لاہور (نیڑیا این این) پی سی بی ویسٹ کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت کراچی میں انڈر 19 اور ایمرجنگ کھلاڑیوں کے مؤخر ٹرائکر ٹرافی حنیف محمد ہالی بریڈ نیشنل سٹیڈیم میں منعقد ہوں گے۔منتخب ہونے والی ویسٹ کرکٹرز کو خوابی انڈر 19 ٹورنامنٹ میں شرکت کا موقع فراہم کیا جائے گا، جو انہیں مستقبل میں قومی سطح پر کھیلنے کے لیے اہم پلیٹ فارم مہیا کرے گا۔ٹرائکر کے لیے انڈر 19 کھلاڑیوں کی عمر کے ہم 12 سال مقرر کی گئی ہے۔

لاہور: اردو بازار میں مہنگی کش بھیری لگا کر سیل فروخت کر رہے ہیں

بونیر، بارش کے بعد شدید سیلابی ریلے سے ندی نالوں میں طغیانی

بارش کے بعد پانی گھروں میں داخل ہو گیا ہے، مساجد میں اعلانات کروائے جا رہے ہیں

بونیر (این این آئی) بونیر کے علاقے بیڑ بابا میں بارش کے بعد شدید سیلابی ریلے سے ندی نالوں میں طغیانی ہے۔بارش کے بعد پانی گھروں میں داخل ہو گیا ہے، مساجد میں اعلانات کروائے جا رہے ہیں۔نالوں میں طغیانی کے باعث مقامی افراد کی حفاظت متاثرہ علاقوں کو منتقلی جاری ہے جبکہ انتظامیہ (بقیہ نمبر 37)

مولانا فضل الرحمان کے 26 ویں ٹرم میں ووٹ دیا علی امین گنڈا پور

عمران خان قوم کی جنگ لڑ رہے ہیں اور موجودہ حالات سب کے سامنے ہیں، ہم اپنے نظریے کے ساتھ کھڑے ہیں

اپنی جماعت پی ٹی آئی کو کہا تھا کہ مولانا فضل الرحمان پر اعتبار نہ کریں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی صحافیوں سے گفتگو

پورے کیا کہ عمران خان کے خوف کا رخ کیا ہے، اس حوالے سے میرے پاس کوئی اطلاع نہیں ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے کہا کہ عمران خان کی رہائی کے راستے میں دو بڑی رکاوٹیں موجود ہیں، پہلی رکاوٹ یہ ہے کہ ملک میں آئین و قانون کی عمل داری نہیں (بقیہ نمبر 38)



منامہ: پاکستان کے نوجوان فائٹرز باکسرز میں ہونے والی پہلی انٹیرانی ایم ایم اے چیمپئن شپ 2025 میں میڈلز جیتنے کے بعد گروپ فوٹو

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
جنرل ایڈیٹر صوف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر ڈاکٹر احسن محمود
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
سینئر وپی ایڈیٹر چوہدری اختر شوکت
وپی ایڈیٹر محمد شیر وزمیاں
لیگل ایڈوائزر بیرسٹر ایٹ لا ایڈووکیٹ سپریم کورٹ
چیئرمین احسن یوسف نے تجارت پلازہ سے چھپوا کر 14 ایوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 بائیسن کمپلیکس 8 ایوس روڈ لاہور